باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
www.dailymumtaz.com
dailymumtazofficial
mumtazisb9@gmail.com
@Dailymumtaz1
رجسٹرڈ نمبر NRP-002
THE DAILY MUMTAZ ISLAMABAD
روزنامہ ممتاز اسلام آباد
بانی: عبداللہ بٹ
صفحات 6 قیمت 15 روپے
جلد 04 | جمعرات، 23 اپریل 2026ء، 5 ذیقعد 1447ھ، 11 بیساکھ 2082ب | نمبر 292

بڑی کامیابی

اور زمین ہیں اور اللہ ہر چیز پر شاہد ہے۔ بے شک جنہوں نے ایمان دار مردوں اور ایمان دار عورتوں کو ستایا پھر توبہ نہ کی تو ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور ان کے لیے جلانے والا عذاب ہے۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام بھی کیے ان کے لیے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، یہی بڑی کامیابی ہے۔ بے شک تیرے رب کی پکڑ بھی سخت ہے۔ بے شک وہی پہلے پیدا کرتا ہے اور دوبارہ پیدا کرے گا۔ (سورۃ البروج، آیت نمبر 9 تا 13)

(قرآنی آیات اور حدیث نبوی کا احترام سب پر لازم ہے)

پاکستان مذاکرات کی کامیابی کیلئے پرعزم، سفارتی کاوشیں جاری رکھیں گے: شہباز شریف

وزیر اعظم کی زیر صدارت اجلاس، ایرانی قیادت سے رابطے میں رہنے کا فیصلہ، جنگ بندی توسیع کا خیر مقدم، ایرانی سفیر کی ملاقات، سفارتی کوششوں کو سراہا

شہباز شریف کی الیکٹرک گاڑیوں کے فروغ کیلئے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت، انسداد پولیو ٹیم کی کارکردگی کی تعریف، قدرتی وسائل انسانی بقا کیلئے ناگزیر قرار

اسلام آباد (وقائع نگار) پاکستان، ایران امریکا مذاکرات کا دوسرا دور یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا، جس میں سینئر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد (وقائع نگار) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے الیکٹرک وہیکلز کے فروغ کیلئے اقدامات تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے بدھ کو جاری بیان کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف سے ایرانی سفیر رضا امیری مقدم ملاقات کے موقع پر مصافحہ کر رہے ہیں

امریکہ جنگ بندی خلاف ورزیاں روکے، مذاکرات کیلئے تیار: ایرانی سفیر، پاسداران نے 2 جہاز قبضے میں لے لئے، 8 خواتین کی سزائے موت ختم، 4 فوری رہا ہونگی: ٹرمپ کا دعویٰ

مذاکرات کل ہوسکتے ہیں، ٹرمپ دھمکیاں، ناکہ بندی، روٹ کو پریشانیاں

36 سے 72 گھنٹوں کے اندر مذاکرات میں بڑی پیش رفت ہوسکتی ہے: امریکی صدر، ایران کو ڈرایا جا رہا ہے: روس، صورتحال نازک مرحلے پر: چین، شرائط میں نرمی نہیں کرینگے: وائٹ ہاؤس

آبنائے ہرمز کو ہم نے کھولا تو ایران سے کبھی ڈیل نہیں کریں گے، ٹرمپ کی دھمکی، امریکہ نے پڑوسی ممالک سے حملے کئے تو ان کی آئل تنصیبات کو تباہ کر دیں گے، پاسداران کمانڈر، ایرانی قوم کے حقوق تسلیم کئے جائیں، باقر قالیباف

واشنگٹن، ماسکو، بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے ساتھ مذاکرات کا دوسرا دور جمعہ کو ہوسکتا ہے، 36 سے 72 گھنٹوں کے اندر مذاکرات میں بڑی پیش رفت ہوسکتی ہے۔ امریکی اخبار کو انٹرویو دیتے ہوئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 5) تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ امریکی ناکہ بندی، بڑی رکاوٹ ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران دھمکیاں اور وعدوں کی خلاف ورزی مذاکرات میں بھی کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نے مکالمے اور معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے اور اب (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 6)

آبنائے ہرمز میں بحری ناکہ بندی کے دوران ایک امریکی اہلکار صورتحال کا جائزہ لے رہا ہے

آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی نے امن عمل کو یرغمال بنالیا

صدر ٹرمپ کے حکم پر امریکی اقدامات مذاکراتی فضا کو متاثر کر رہے

جمعہ تک مذاکرات سیاسی حکمت عملی ہوسکتی، زمینی حقائق منافی

بھارت کی ہٹ دھرمی برقرار، کشمیر اور سندھ طاس بدستور سلگتے تنازعات

اسلام آباد (طارق محمود سمیر) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے جنگ میں توسیع کے اعلان کے بعد اب ایک نیا بیان سامنے آیا ہے جس میں انہوں نے دعویٰ کیا ہے کہ آئندہ 72 گھنٹوں کے دوران ایران اور امریکہ کے مذاکرات اسلام آباد میں ہوں گے یعنی جمعہ تک مذاکرات (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 7)

مذاکرات ہی تنازعات کا واحد حل ہیں، اسحاق ڈار

نائب وزیر اعظم سے برطانوی ہائی کمشنر کی ملاقات، پاکستانی ثالثی کی تعریف

سفارتی ترجیحات میں تسلسل، واضح سمت اور عملی نتائج پر توجہ مرکوز رکھنی چاہئے

اسحاق ڈار امریکہ ایران مذاکرات میں کامیابی، کشیدگی خاتمے کیلئے پرعزم

اسلام آباد (وقائع نگار) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات کے دوران خطے کی بدلتی ہوئی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسحاق ڈار نے پاکستان کی جانب سے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ ملاقات کر رہی ہیں

بھارت کو کسی بھی مس ایڈونچر کا فیصلہ کن جواب دینگے: وزیر اطلاعات

پہلگام فالس فلیگ آپریشن کے 1 سال بعد بھی بھارت اپنے موقف کے حق میں شواہد پیش نہیں کر سکا

معرکہ حق میں بھارت کو شکست فاش، آئندہ فالس آپریشن کی جرات نہیں کریگا، عطاء تارڑ کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (وقائع نگار) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پہلگام کے فالس فلیگ آپریشن کو ایک سال پورا ہو چکا ہے، آج تک بھارت اپنے موقف کے حق میں شواہد پیش نہیں کر سکا، پہلگام واقعہ کھوکھلا ہے، غیر منطقی، جھوٹی انا، تکبر و حرص پر مبنی سوچ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلام آباد میں سیکورٹی ہائی الرٹ ریڈ زون آج بھی سیل

اسلام آباد (اصغر چوہدری) ایران اور امریکہ کے درمیان متوقع مذاکرات (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 9)

جنگ بندی غیر معینہ مدت نہیں 3 سے 5 دن کیلئے کی گئی، امریکی میڈیا کا دعویٰ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی میڈیا نے وائٹ ہاؤس حکام کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 10)

ایران جنگ: امریکی میزائل ذخائر کم، دفاعی بجٹ میں مجوزہ اضافہ خطرناک رجحان قرار

پیٹریاٹ میزائل کے مجموعی ذخیرے کا 50 فیصد ختم، تھاڈ انٹرسیپٹرز بھی نصف سے زائد استعمال ہو چکے، رپورٹ

مجوزہ امریکی دفاعی بجٹ کے بڑے حصہ سے جوہری اثاثوں کی اپ گریڈیشن، اسلحہ کی نئی دوڑ شروع ہونے کا امکان

واشنگٹن، اسلام آباد (صفیر چوہدری) امریکا کی رپورٹ کے مطابق ایران کے ساتھ جاری جنگ کے نتیجے میں امریکی فوج کے میزائل ذخائر متاثر ہو گئے۔ واشنگٹن میں قائم خبر رساں ادارے کے میزائل ذخائر ایران جنگ کے باعث شدید میں نمایاں کمی واقع ہوئی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 11)

سیز فائر توسیع ٹرمپ کی شرمندگی چھپانے کی کوشش

مذاکرات پر شرمندگی کے بعد ٹرمپ مشکل صورتحال سے دوچار ہیں، باربرا سلیون

جنگ ابتدا سے ہی ٹرمپ کی توقعات کے مطابق نہیں چلی، ماہر امریکی خارجہ پالیسی

واشنگٹن (انٹرنیشنل ڈیسک) امریکی خارجہ پالیسی کی ماہر باربرا سلیون نے کہا کہ ایران مذاکرات پر شرمندگی کے بعد ٹرمپ مشکل صورتحال سے دوچار ہو گئے۔ امریکی خارجہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 13)

مودی کو جانیں نہیں سیاسی مفاد عزیز، پہلگام واقعہ ثبوت

پہلگام فالس فلیگ آپریشن سازش، سیاسی فائدہ کیلئے اپنے ہی شہری مارے

فوری FIR اندراج اس بات کو تقویت دیتا ہے کہ یہ سوچا سمجھا منصوبہ تھا

اسلام آباد (وقائع نگار) پہلگام فالس فلیگ آپریشن بھارت کا منصوبہ بندی سے کیا گیا ڈرامہ تھا۔ تفصیلات کے مطابق 22 اپریل 2025 کو بھارت نے پہلگام کی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 14)

UN، ہرمز میں پھنسے 22 ہزار افراد کی مدد کی اپیل

نیویارک (انٹرنیشنل ڈیسک) اقوام متحدہ (یو این) میری ٹائم ایجنسی نے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 15)

ہرمز کھولنے کیلئے کثیر الملکی اتحاد کا قیام، کاوشیں تیز

لندن (انٹرنیشنل ڈیسک) برطانیہ اور فرانس نے آبنائے ہرمز کو دوبارہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 16)

KP اسمبلی کا اسٹیڈیم میں اجلاس، متعدد قراردادیں منظور

عمران، اہلیہ کی آنکھ کا مسئلہ، سازش، سہیل آفریدی

قراردادیں بانی پی ٹی آئی، اہلیہ، افغان صورتحال، مہنگائی سے متعلق، افغانستان کے ساتھ مذاکرات کرنے کا مطالبہ

عمران خان شدید تکلیف میں ہیں، تحریک انصاف کو دیوار سے لگاؤ گے تو پھر ہم کیا کریں گے، وزیر اعلیٰ کا خطاب

پشاور (بیورو رپورٹ) عمران خان اسٹیڈیم میں ہونے والے خیبر پختونخوا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 17)

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی عمران خان سٹیڈیم میں اسمبلی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

نجی ایئرلائن کی لاہور سے اسلام آباد کیلئے پروازیں بحال

5 سال بعد یکم مئی سے روزانہ دو پروازیں شروع ہوں گی، وفاقی وزیر ہوابازی

وکلا، تاجروں، مریضوں سمیت مسافروں کو سہولت ملے گی، خواجہ آصف

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر دفاع و ہوابازی خواجہ آصف نے کہا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 18)

امریکہ ایران مذاکرات اہم مرحلے میں داخل، 26 اپریل سے قبل پیشرفت متوقع

مذاکراتی عمل تیزی سے آگے بڑھ رہا، فریقین کسی عبوری سمجھوتے یا فریم ورک پر متفق ہونے کے قریب

معاہدہ طے پانے کی صورت میں مشرق وسطیٰ، جنوبی ایشیا سمیت پوری دنیا پر مثبت اثرات پڑیں گے

اسلام آباد/واشنگٹن (صغیر چوہدری) امریکہ اور ایران کے درمیان جاری حساس نوعیت کے مذاکرات میں 26 اپریل سے قبل کسی اہم پیشرفت کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے، جبکہ پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی خصوصی درخواست پر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 19)

ایران کو اسلحہ دینے والی کمپنیوں اور افراد پر پابندی

14 افراد اور کمپنیوں کو فہرست میں شامل کر لیا گیا، امریکی محکمہ خزانہ

واشنگٹن (انٹرنیشنل ڈیسک) امریکا نے ایران کو اسلحہ فراہم کرنے والی کمپنیوں اور افراد پر نئی پابندیاں لگا دیں۔ امریکی محکمہ خزانہ کے مطابق 14 افراد اور کمپنیوں کو پابندیوں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 20)

فریقین جنگ بندی کا احترام، تعمیری مذاکرات کریں، گوتریس

یو این سیکرٹری جنرل کا جنگ بندی توسیع کا خیر مقدم، پاکستانی ثالثی کی حمایت

نیویارک (ممتاز نیوز) اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے امریکی صدر کے جنگ بندی میں توسیع کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 21)

پی ایس ایل، پشاور کی آٹھویں، حیدرآباد کی چوتھی جیت

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 11 میں پشاور (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 22)

پنجاب اسمبلی: ٹریفک جرمانوں میں کمی سمیت 7 بل کثرت رائے سے منظور

فارنزک سائنس اتھارٹی، ملازمین سوشل سیکورٹی، پنجاب محفوظ علاقے، پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کے بل بھی شامل

موٹر سائیکل، رکشہ کو کم از کم ایک ہزار، کار، جیپ کو 2 ہزار کا چالان ہوگا، اوور سپیڈنگ پر جرمانے برقرار

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں 23 میں سے 7 بل کثرت رائے سے منظور کر لیے گئے۔ اسمبلی نے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 24)

آبنائے ہرمز سے بارودی سرنگیں ہٹانے میں 6 ماہ لگ سکتے ہیں، پینٹاگون

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی محکمہ جنگ کی جانب سے امریکی کانگریس کو آگاہ کیا گیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں ایران (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 23)

چینی خلائی پروگرام کیلئے 2 پاکستانی خلانورد منتخب

خلاباز تجربات کیلئے خلا میں جانے کی تربیت چین میں حاصل کریں گے

انسانی خلائی مشن میں شرکت پاک چین قریبی تعلقات کا مظہر ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (وقائع نگار) پاکستانی خلانورد محمد ذیشان علی اور خرم داؤد کو چین کے انسان بردار خلائی پروگرام کے لیے منتخب کر لیا گیا۔ سپارکو کے مطابق 2 پاکستانی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 25)



CITY NEWS
ممتاز شہر کی خبریں

ایئرپورٹس پر مشترکہ چیکنگ کاؤنٹرز، جدید مشینری نصب کرنے کا فیصلہ

وزیر داخلہ کی زیر صدارت اہم اجلاس، ایئرپورٹس پر مسافروں کو بین الاقوامی معیار کی سہولیات فراہم کرنے اور سکیورٹی نظام کو جدید بنانے کی منظوری

طیاروں کو پرندوں سے ہونے والے حادثات سے بچانے کیلئے جدید ترین مشینری درآمد کی جارہی ہے، سیکرٹری دفاع لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد علی کی بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت وزارت داخلہ اور وزارت دفاع کا ایک خصوصی مشترکہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک بھر کے ایئرپورٹس پر مسافروں کو بین الاقوامی معیار کی سہولیات فراہم کرنے اور سکیورٹی نظام کو جدید بنانے کے حوالے سے اہم فیصلے کیے گئے۔ اعلیٰ سطح کے اس اجلاس میں سیکرٹری داخلہ محمد خرم آغا، سیکرٹری دفاع لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد علی، ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ میجر جنرل نور ولی خان، ایڈیشنل سیکرٹری دفاع میجر جنرل قیصر سلیمان، ڈی جی اینٹی نارکوٹکس فورس میجر جنرل عبدالمعید اور ڈی جی ایف آئی اے ڈاکٹر عثمان انور نے شرکت کی۔ جوائنٹ مسافروں کی سہولت کے لیے ایئرپورٹس پر تمام متعلقہ اداروں کے "جوائنٹ کاؤنٹرز" قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ ایک ہی مقام پر تمام مراحل مکمل ہوسکیں۔ ایئرپورٹس پر چیکنگ کے نظام کو موثر بنانے کے لیے جدید ترین سکینرز اور مشینری نصب کی جائے گی۔ اجلاس میں ای گیٹس کی تنصیب کے عمل کا جائزہ لیا گیا، جس سے امیگریشن کا عمل تیز تر ہوجائے گا۔ سیکرٹری دفاع نے بتایا کہ طیاروں کو پرندوں سے ہونے والے حادثات سے بچانے کے لیے جدید ترین مشینری درآمد کی جارہی ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے تمام اداروں کے درمیان مؤثر (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، پولیس اہلکار ریڈزون میں داخل ہونے والی گاڑیوں کی چیکنگ کر رہا ہے

آفات سے نمٹنے کیلئے این ڈی ایم اے کی پہلی جامع فرضی مشق کے شرکاء

قدرتی آفات، NDMA کی پہلی جامع فرضی مشق

اداروں کے مربوط ریسپانس اور وارننگ نظام کو بہتر بنانے پر زور

مون سون، سیلاب اور زلزلہ سمیت مختلف خطرات پر ریہرسل

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) نیشنل ایمرجنسیز آپریشن سینٹر (این ای او سی)، این ڈی ایم اے ہیڈکوارٹرز اسلام آباد میں تلاش اور بچاؤ کے حوالے سے پہلی فرضی مشق کا انعقاد ہوا جس کا مقصد سرچ اینڈ ریسکیو وسائل کے مرکزی اور مربوط نظام کے ذریعے پاکستان کے آفات سے نمٹنے اور خطرات کے تدارک کے نظام کو مزید مضبوط اور موثر بنانا تھا۔ یہ مشق این ای او سی کی جانب سے جاری کردہ مختلف ممکنہ خطرات کے منظرناموں بالخصوص مون سون کے دوران درپیش خطرات بشمول سیلابی صورتحال کے تناظر میں ضروری اقدامات اور متعلقہ اداروں کے مابین معاونتی دائرہ کار کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرے گی۔ این ڈی ایم اے کا مرکزی پلیٹ فارم ہے اور ممکنہ خطرات کے لیے جدید موسمی پیشگوئی، سیٹلائٹ ڈیٹا کی فراہمی اور بروقت انتباہ کو یقینی بنا رہا ہے تاکہ عوام اور متعلقہ ادارے خطرات کے تدارک کے لیے پیشگی اقدامات یقینی بنا سکیں۔ یہ مشق آئی این ایس اے آر فریم ورک کے تحت منعقد کی گئی جس میں پی ڈی ایم ایز، ایس ڈی ایم اے، جی بی ڈی ایم اے، ریسکیو 1122، سول ڈیفنس، مسلح افواج، وفاقی وصوبائی اور متعلقہ فلاحی ادارے اور تربیت یافتہ رضاکاروں نے شرکت کی۔

راولپنڈی، انسداد منشیات کے حوالے سے اجلاس

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں پنجاب کو منشیات کی لعنت سے پاک کرنے کے عزم کے تحت راولپنڈی میں انسداد منشیات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملیحہ سحر، اینٹی نارکوٹکس فورس راولپنڈی ڈویژن کے ڈائریکٹر کرنل حزیر، ڈویژنل خطیب مولانا حافظ اقبال رضوی، تاجر تنظیموں کے نمائندگان، نجی و سرکاری تعلیمی اداروں کے نمائندگان اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈائریکٹر اینٹی نارکوٹکس فورس راولپنڈی ڈویژن کرنل حزیر نے تفصیلی بریفنگ دی۔

اوقات نماز

فجر	5:00	طلوع آفتاب	5:32
ظہر	1:30	عصر	5:15
مغرب	6:43	عشاء	8:30

موسم

جمعرات کے روز ملک کے بیشتر علاقوں میں خشک جبکہ دن کے اوقات میں موسم گرم رہے گا۔ تاہم مغربی/ بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کی توقع ہے۔

آئی جی کی زیر علاج ایس پی محفوظ کیانی کی عیادت

سید علی ناصر رضوی کا جلد صحت یابی اور نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آئی جی سید علی ناصر رضوی نے ہسپتال میں زیر علاج ایس پی محفوظ کیانی کی عیادت وحوصلہ افزائی کرتے ہوئے جلد صحت یابی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے پولیس افسران کے ہمراہ ہسپتال کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے زیر علاج ایس پی محفوظ کیانی کی عیادت کی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ آئی جی اسلام آباد نے ایس پی محفوظ کیانی کی خیریت دریافت کی اور جاری علاج کے بارے میں تفصیلی آگاہی حاصل کی، ساتھ ہی ان کی جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار بھی کیا۔ دورے کے دوران آئی جی اسلام آباد نے ہسپتال کے ڈاکٹروں اور ویلفیئر آفیسر کو ہدایت کی کہ ایس پی محفوظ کیانی کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور علاج کے تمام مراحل میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے۔ انہوں نے اس موقع پر کہا کہ پولیس کے تمام افسران محکمہ کا قیمتی سرمایہ ہیں ہم سب ایک خاندان کی مانند ہیں اور مشکل وقت میں کوئی بھی پولیس افسر خود کو تنہا محسوس نہیں کرے گا۔

گرلز کالج ڈھوک کالا خان میں کیریئر کونسلنگ سینٹر قائم

سینٹر کا افتتاح ڈائریکٹر کالجز وسیکرٹری راولپنڈی تعلیمی بورڈ امجد اقبال نے کیا

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ڈھوک کالا خان، راولپنڈی میں آج 22 اپریل 2026 کو محکمہ ہائیر ایجوکیشن لاہور کے اسپیشل سیکرٹری کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں اسٹوڈنٹس کیریئر کونسلنگ سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کیا گیا۔ تقریب پرنسپل ڈاکٹر عائشہ جاوید کی زیر سرپرستی منعقد ہوئی، جنہوں نے طالبات کی ہمہ جہت ترقی کے پیش نظر ایک مؤثر کونسلنگ کمیٹی بھی تشکیل دی۔ اس کمیٹی کے تحت طالبات کی تعلیمی رہنمائی، ذہنی وجسمانی صحت اور مجموعی بہتری کیلئے جامع اقدامات کیے جائیں گے۔ کونسلنگ سینٹر کا افتتاح ڈائریکٹر کالجز و سیکرٹری تعلیمی بورڈ راولپنڈی امجد اقبال خٹک نے بطور مہمانِ خصوصی کیا، جبکہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر کالجز محترمہ انا ریاض بھی اس موقع پر موجود تھیں۔ مہمانِ خصوصی نے اپنے خطاب میں پرنسپل کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس اقدام کو طالبات کے روشن مستقبل کیلئے نہایت اہم قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ کیریئر کونسلنگ کے ذریعے طالبات کو درست تعلیمی و پیشہ ورانہ سمت کا تعین کرنے میں مدد ملے گی۔ تقریب کے دوران ایک بامقصد اجلاس بھی منعقد ہوا جس میں کمیٹی ممبران اور طالبات نے شرکت کی۔

ڈائریکٹر کالجز امجد اقبال خٹک سٹوڈنٹس کیریئر کونسل سینٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

راولپنڈی، 3 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 3 ملزمان گرفتار کرکے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کر کے 2 کلو شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، تھانہ کلر سیداں پولیس نے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے 2 بوتل شراب برآمد کی، چکلالہ پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔

اسسٹنٹ کمشنر چکوال وکلر کہار کو تبدیل کر دیا گیا

چکوال (نمائندہ ممتاز) اسسٹنٹ کمشنر چکوال اور اسسٹنٹ کمشنر کلر کہار کو تبدیل کر دیا گیا ہے، اسسٹنٹ کمشنر چکوال ذیشان قیصرانی کو علی پور تبدیل کیا گیا ہے جبکہ انکی جگہ پر ڈاکٹر ارسلان سکندر کو تعینات کیا گیا ہے جو اس سے قبل بھی اسسٹنٹ کمشنر ہیڈ کوارٹر چکوال اور اسسٹنٹ کمشنر کلر کہار تعینات رہ چکے ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنر کلر کہار چوہدری محمد افضال کو بھی تبدیل کر دیا گیا ہے وہ آٹھ ماہ تک یہاں تعینات رہے انکی جگہ پر ڈاکٹر تزئین ظفر کو اسسٹنٹ کمشنر کلر کہار تعینات کیا گیا ہے، دونوں نئے افسران اپنی ذمہ داریاں آئندہ ایک دوروز میں سنبھالیں گے۔

سی پی او راولپنڈی آج مختلف تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد کرینگے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) شہریوں کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کیلئے سی پی او سید خالد محمود ہمدانی (آج) جمعرات کو تھانہ سٹی، تھانہ گنجمنڈی، تھانہ کینٹ اور تھانہ ویسٹریج میں کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق شہریوں کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کیلئے سی پی او سید خالد محمود ہمدانی (آج) جمعرات بوقت 11:30 بجے تھانہ سٹی، 12:30 بجے تھانہ گنجمنڈی، 1:30 بجے تھانہ کینٹ اور تھانہ ویسٹریج میں 2:00 بجے کھلی کچہری کا انعقاد کریں گے۔ شہریوں سے التماس ہے کہ شکایات کیلئے کھلی کچہریوں میں شرکت کریں، شہریوں کی شکایات کے فوری حل کو یقینی بنایا جائے گا۔

FIA انٹرپول نے امارات سے 2 اشتہاری گرفتار کر لئے

فرحان عباس اور حیدر علی ابوظہبی سے گرفتاری کے بعد لاہور منتقل

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ایف آئی اے این سی بی انٹرپول نے کارروائی کرتے ہوئے قتل کیس میں مطلوب 2 اشتہاری ملزمان کو یو اے ای سے گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان میں فرحان عباس اور حیدر علی شامل ہیں، ملزمان کو ابوظہبی سے گرفتار کر کے لاہور ایئرپورٹ منتقل کر دیا گیا ہے۔ ملزمان کے خلاف قتل کی دفعات کے تحت گوجرانوالہ اور منڈی بہاؤالدین میں مقدمے درج تھے۔ ایف آئی اے این سی بی انٹرپول نے ملزمان کی گرفتاری کے لیے ریڈ نوٹسز جاری کیے تھے۔ ترجمان نے بتایا ہے کہ ملزمان کو ایف آئی اے امیگریشن لاہور نے پنجاب پولیس حکام کے حوالے کر دیا ہے۔

راولپنڈی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) کلر سیداں پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کرلیا، اشتہاری سال 2025 سے کلر سیداں پولیس کو مطلوب تھا، پولیس نے ہیومن انٹیلی جنس سمیت تمام ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے اشتہاری کو گرفتار کیا۔ ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

مضر صحت اور غیر معیاری مشروبات کی فروخت میں نمایاں اضافہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) جڑواں شہروں راولپنڈی اور اسلام آباد میں گرمی کی شدت بڑھتے ہی مضر صحت اور غیر معیاری مشروبات کی فروخت میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے، جس پر شہریوں اور متعلقہ اداروں نے تشویش کا اظہار کیا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق گرمی بڑھنے کے ساتھ سڑکوں، بازاروں اور گلی محلوں میں مختلف اقسام کے غیر معیاری مشروبات، رنگین شربت اور برف سے تیار کردہ ٹھنڈے مشروبات کھلے عام فروخت کیے جارہے ہیں۔

SSP آپریشنز کا ناکوں، ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ

قاضی علی رضا کی ڈیوٹی پر پولیس افسران، جوانوں سے ملاقات

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے ناکہ جات اور مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا، ڈیوٹی پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کیے ہیں۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز قاضی علی رضا نے مختلف ناکہ جات اور ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا اور موقع پر موجود پولیس افسران و جوانوں کے ساتھ ملاقات کی۔ انہوں نے چیکنگ کے عمل کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کے لیے ناکہ بندی کو مزید مؤثر اور بامقصد بنایا جائے۔ تمام افسران ہمہ وقت الرٹ رہیں، مشکوک افراد اور گاڑیوں کی مؤثر چیکنگ کو یقینی بنائیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ حکام کو دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام افسران وجوان شہریوں سے خوش اخلاقی اور احترام کے ساتھ پیش آئیں تاکہ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط کیا جاسکے۔

اچ 13، گرلز پرائمری سکول میں سہولیات کی کمی

گنجائش ختم ہونے کے باعث نئے داخلے بند، شہریوں میں بے چینی

سکول میں صرف ایک واش روم، دو شفٹوں صبح وشام میں چلایا جا رہا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی دارالحکومت کے رورل ایریا ایچ تھرٹین کے علاقے ڈھوک سلمان میں واقع گورنمنٹ کے پرائمری ماڈل سکول فار گرلز میں سہولیات کے فقدان اور گنجائش ختم ہونے کے باعث نئے داخلے بند کر دیے گئے ہیں، جس سے علاقہ مکینوں میں شدید بے چینی اور غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ مقامی آبادی نے اس صورتحال کو لمحہ فکریہ قرار دیتے ہوئے منتخب نمائندوں اور متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سکول میں طلبہ و طالبات کی تعداد 550 سے تجاوز کر چکی ہے جبکہ مزید داخلوں کے لیے گنجائش مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے۔ علاقے کے والدین کی جانب سے داخلوں کے لیے شدید دباؤ کے باوجود انتظامیہ بے بس دکھائی دیتی ہے۔ سکول میں صرف 6 کلاس رومز اور ایک آئی ٹی لیب موجود ہے، جس کے باعث تدریسی انتظام بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ کمرہ جماعت کی کمی کے باعث سکول کو دو شفٹوں، صبح اور شام، میں چلایا جا رہا ہے، جہاں آدھے بچے صبح اور آدھے شام کے اوقات میں تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں۔ اس غیر معمولی انتظام نے نہ صرف تعلیمی معیار کو متاثر کیا ہے

ڈی جی ایف آئی اے عثمان انور سکردو کے افسر کو بہادری کے اعتراف میں سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

ہائر ایجوکیشن کمیشن کے تحت 1427 وظائف جاری

ایچ ای سی کو رواں سال 26,000 درخواستیں موصول ہوئیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) پاکستان نے 2016 سے اب تک اسٹیپنڈیم ہنگریکم پروگرام کے تحت 1,427 وظائف دیے ہیں جن کے ذریعے طلباء نے بیچلرز، ماسٹرز اور پی ایچ ڈی کی سطح پر مختلف شعبوں میں اعلیٰ تعلیمی اور تحقیقی مواقع سے فائدہ اٹھایا۔ تعلیمی سال 2026 کے لیے وظائف کے اجراء کا عمل جاری ہے جو کہ جون 2026 تک مکمل ہونے کی امید ہے، ہائر ایجوکیشن کمیشن کو 26,000 درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ اسٹیپنڈیم ہنگریکم اسکالرشپ پروگرام بیچلرز، ماسٹرز، ون ٹیئر ماسٹرز اور پی ایچ ڈی اسٹڈیز کے لیے مکمل طور پر مالی وسائل کی فراہمی پر مبنی اقدام ہے جس میں انجینئرنگ، آئی ٹی، زراعت، طب، کاروبار اور سماجی علوم شامل ہیں۔ اس پروگرام کا مقصد پاکستان اور ہنگری کے درمیان تعلیمی اور تحقیقی تعاون کو مضبوط کرنا ہے اور ایسے مواقع فراہم کرنا ہے جو ادارہ جاتی اور تعلیمی تعاون کو گہرا کرتے ہیں۔

اسلام آباد، اشتہاریوں سمیت 12 جرائم پیشہ گرفتار

تھانہ آبپارہ، سنگجانی، کھنہ اور بنی گالہ میں کارروائیاں کی گئیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث آٹھ اشتہاریوں سمیت 12 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے 30 بوتل شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلے میں تھانہ آبپارہ، تھانہ سنگجانی، تھانہ کھنہ اور تھانہ بنی گالہ پولیس ٹیموں نے چار ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 30 بوتل شراب اور مختلف بور کے تین عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کر لئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران آٹھ مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔

انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی راولپنڈی کا ارتھ آور کے موقع پر تقریب کا انعقاد

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی راولپنڈی نے فاطمہ جناح وویمن یونیورسٹی کے اشتراک سے ارتھ آور کے موقع پر تقریب اور شجرکاری مہم کا انعقاد کیا۔ تقریب میں (وائس چانسلر) پروفیسر ڈاکٹر بشریٰ مرزا، ڈائریکٹر کیمپس، فیکلٹی ممبران اور اسسٹنٹ کمشنر (صدر) راولپنڈی حاکم خان نے شرکت کی اور پودے لگا کر ماحول دوستی کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر یونیورسٹی کو 100 مقامی انواع کے پودے (پھلدار اور سایہ دار درخت) عطیہ کیے گئے، جبکہ مزید پودے بھی جلد فراہم کیے جائیں گے۔ پھلدار درختوں کی شجرکاری کا مقصد نہ صرف سرسبز ماحول کو فروغ دینا ہے بلکہ مختلف اقسام کے پرندوں کو متوجہ کر کے مقامی ماحولیاتی نظام کو مضبوط بنانا بھی ہے۔ ماحولیاتی آلودگی کے باعث پرندوں کی تعداد میں بہت کمی واقع ہوئی ہے۔

امتحانی نظام ڈیجیٹل نگرانی کے تحت کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر سے منسلک

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، راولپنڈی کے زیر انتظام امتحانات میں شفافیت یقینی بنانے کیلئے پہلی بار صوبہ بھر میں امتحانی نظام کو ڈیجیٹل نگرانی کے تحت کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر سے منسلک کر دیا گیا ہے، جبکہ "نقل نہیں، صرف میرٹ" پالیسی پر سختی سے عمل جاری ہے۔ حکومت پنجاب کی ہدایات اور وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق امتحانی نظام کو جدید، شفاف اور جوابدہ بنانے کیلئے موثر اقدامات کیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں فوری فیصلہ سازی اور فوری کارروائی کیلئے ایک مربوط نظام فعال کیا گیا ہے، جس کی نگرانی زاہد زمان کر رہے ہیں۔ مزید برآں رانا سکندر حیات کی پالیسی کے تحت امتحانی نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے، جبکہ انجینئر عامر خٹک کی قیادت میں مضبوط نگرانی کا عملی ماڈل نافذ کیا گیا ہے۔

پل پر تجاوزات کے باعث شہریوں کو پیدل چلنے میں مشکلات کا سامنا ہے

اسلام آباد میں سرچ آپریشنز، 30 افراد تھانے منتقل

شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر خصوصی چیکنگ پوائنٹس قائم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں مشترکہ گرینڈ کومبنگ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں مشترکہ گرینڈ کومبنگ سرچ آپریشنز کا سلسلہ جاری ہے پولیس کے مطابق سرچ آپریشنز میں 30 مشکوک افراد کو مزید جانچ پڑتال کے لیے متعلقہ تھانے منتقل کیا گیا ہے۔ سرچ آپریشنز میں 1 گاڑی، 33 موٹر سائیکلوں کو بھی مزید جانچ پڑتال کے لیے متعلقہ تھانوں میں منتقل کیا گیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر چیکنگ کے لیے خصوصی چیکنگ پوائنٹس قائم ہیں۔

علامہ محمد اقبالؒ کی برسی کے موقع پر سیمینار کا انعقاد

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) پنجاب کونسل آف دی آرٹس راولپنڈی کے زیر اہتمام یوم وفات علامہ محمد اقبالؒ کے موقع پر فکر اقبال میں عشق رسول کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کے مہمانان میں معروف سکالر و محقق ڈاکٹر اور یس آزاد، معروف دانشور پروفیسر ڈاکٹر جمیل اصغر جامی اور معروف ریسرچ سکالرز (اقبالیات) ڈائریکٹر پی۔ سی۔ پی۔ صدر بزم عروج ادب پاکستان نعیم اکرم قریشی تھے، معروف شاعرہ اینکر پرسن ریڈیو پاکستان رفعت انجم نے پروگرام کی نظامت کے فرائض انجام دیے۔ سیمینار میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے دانشوروں، اساتذہ، طلبہ و طالبات اور ادب سے وابستہ افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مقررین نے اپنے خطابات میں فکر اقبالؒ میں عشق رسول کے مفہوم اور اس کے انفرادی واجتماعی زندگی میں تقاضوں پر خصوصی روشنی ڈالی۔

راولپنڈی، شادی میں آتشبازی پر 4 ملزمان گرفتار

تھانہ صدر بیرونی پولیس کی کارروائی، سامان برآمد، مقدمہ درج

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تھانہ صدر بیرونی پولیس نے شادی کی تقریب میں آتش بازی کرنے والے 4 ملزمان گرفتار کر کے موقعہ سے 15 ہوائیاں چلیدہ، 10 انار چلیدہ، 2 کیک بکس چلیدہ، 2 کریکنگ کلر بکس چلیدہ، 7 فائر ورکس چلیدہ اور 3 چائینہ سٹک برآمد کرلیں۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر بیرونی پولیس نے شادی کی تقریب میں آتش بازی کرنے والے 4 ملزمان گرفتار کر کے موقعہ سے 15 ہوائیاں چلیدہ، 10 انار چلیدہ، 2 کیک بکس چلیدہ، 2 کریکنگ کلر بکس چلیدہ، 7 فائر ورکس چلیدہ اور 3 چائینہ سٹک برآمد کرلیں تھانہ صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے شادی کی تقریب میں آتش بازی کرنے والے 4 افراد کو گرفتار کرلیا، زیر حراست افراد سے موقعہ سے 15 ہوائیاں چلیدہ، 10 انار چلیدہ، 2 کیک بکس چلیدہ، 2 کریکنگ کلر بکس چلیدہ، 7 فائر ورکس چلیدہ اور 3 چائینہ سٹک برآمد ہوئیں، زیر حراست افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے گرفتار کرلیا گیا، آتش بازی میں ملوث دیگر افراد کی گرفتاری کا تحرک جاری ہے۔ ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ آتش بازی کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

راولپنڈی اسلام آباد میں پٹرول کی قلت کا خدشہ

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راستے بند ہونے کی وجہ سے راولپنڈی اسلام آباد میں پیٹرول کی سپلائی بند ہونے کی وجہ سے پٹرول کی شارٹیج کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے اور آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن نے کمشنر اسلام آباد اور حکومت سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔ انفارمیشن سیکرٹری نعمان علی بٹ نے کہا کہ اسلام آباد میں غیر ملکی وفود کی آمد، ٹریفک نظام شدید متاثر ہے۔ تجارتی گاڑیوں کے داخلے پر پابندی سے پٹرولیم مصنوعات کی سپلائی میں بری طرح رکاوٹ بن رہی ہے۔ آئل ٹینکرز کی آمدورفت عارضی طور پر معطل، ترسیل کا نظام متاثر ہے۔ دو سے تین روز سے راولپنڈی اور اسلام آباد میں سپلائی کے مسائل جاری ہیں۔ بعض مقامات پر ٹینکرز کو انٹری کی اجازت نہ مل رہی۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی میں بھی پیٹرولیم مصنوعات کی سپلائی بھی انٹری محدود ہے۔

گوجر خان میں گیس دفتر قائم کیا جائے، شہری

کنکشنز کی تعداد 70 ہزار تک پہنچنے کے باوجود سوئی گیس کا کوئی دفتر نہیں

گوجر خان (نمائندہ ممتاز) شہر میں سوئی ناردرن گیس کے صارفین کو درپیش بڑھتے ہوئے مسائل کے پیش نظر شہریوں، تاجر برادری اور سماجی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں سوئی ناردرن گیس کا باقاعدہ دفتر قائم کیا جائے تاکہ عوام کو اپنے مسائل کے حل کیلئے دردر کی ٹھوکریں نہ کھانی پڑیں اور انہیں مقامی سطح پر بروقت سہولیات میسر آسکیں۔ ایک اندازے کے مطابق گوجر خان اور گردونواح میں گیس کنکشنز کی تعداد 65 سے 70 ہزار تک پہنچ چکی ہے تاہم اس کے باوجود یہاں سوئی ناردرن گیس کا کوئی باقاعدہ دفتر موجود نہیں۔ صارفین کو اپنے معمولی مسائل کے حل کیلئے بھی راولپنڈی جانا پڑتا ہے جس کے باعث نہ صرف قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ سفری اخراجات کی صورت میں اضافی مالی بوجھ بھی برداشت کرنا پڑتا ہے۔

ایک لڑکا ریڑھی پر پھیری لگا کر مٹی کے برتن فروخت کر رہا ہے

THE DAILY MUMTAZ
روزنامہ ممتاز
بانی: عبداللہ بٹ
www.dailymumtaz.com
051-8437994-3 / 051-8357772
جمعرات، 23 اپریل، 2026، 5 ذیقعد، 1447ھ

بھارت، خاتون نے محبوب کو باندھ کر زندہ جلا دیا

خاتون نے آگ لگانے کیلئے پہلے سے آتش گیر مادہ تیار کر رکھا تھا

بنگلورو (فارن ڈیسک) بھارتی شہر بنگلورو میں ایک دل دہلا دینے والا واقعہ پیش آیا ہے جہاں 27 سالہ خاتون نے اپنے بوائے فرینڈ کو زندہ جلا کر قتل کر ڈالا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق خاتون اور مقتول گزشتہ ایک سال سے رومانوی تعلق میں تھے اور ایک ہی ٹیلی کام اسٹور میں کام کرتے تھے، حالیہ دنوں میں خاتون کو شکایت تھی کہ اس کا بوائے فرینڈ اسے نظر انداز کر رہا ہے اور شادی سے گریزاں ہے۔ واقعے کے روز خاتون نے اپنے بوائے فرینڈ کو گھر بلایا اور کہا کہ وہ ایک منفرد انداز میں اسے شادی کی پیشکش کرنا چاہتی ہے، بعدازاں خاتون نے بوائے فرینڈ کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر کرسی سے باندھ دیا۔

مظفرآباد، زرعی کانفرنس ختم، جدید ٹیکنالوجی پر زور

وزیراعظم، روبینہ خالد، ملکی وغیر ملکی ماہرین نے شرکت کی

مظفرآباد (بیورو رپورٹ) مظفرآباد میں آزاد حکومت جموں وکشمیر کے زیر اہتمام زرعی کانفرنس کامیابی سے اختتام پذیر ہوگئی، جس میں وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری فیصل ممتاز راٹھور، روبینہ خالد سمیت ملکی وغیر ملکی ماہرین، کسانوں اور مویشی پال افراد نے شرکت کی۔ کانفرنس میں جدید زرعی ٹیکنالوجی، موسمیاتی تبدیلی، بہتر بیج، پانی کے مؤثر استعمال اور لائیو اسٹاک کی ترقی پر تفصیلی سیشنز ہوئے، جبکہ نمائشی سٹالز پر جدید زرعی آلات اور اعلیٰ نسل کے جانور پیش کیے گئے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے زراعت والائیو اسٹاک کے فروغ اور کسانوں کی آمدن بڑھانے کے عزم کا اظہار کیا، جبکہ اختتام پر شعبہ زراعت کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا اعادہ کیا گیا۔

چیئرپرسن بی آئی ایس پی کا پٹہکہ دفتر کا دورہ

روبینہ خالد کی مستحق خواتین سے ملاقات، مسائل سنے

مظفرآباد (بیورو رپورٹ) مظفرآباد میں روبینہ خالد نے بی آئی ایس پی تحصیل آفس پٹہکہ نصیرآباد کا دورہ کیا اور مستحق خواتین سے ملاقات کر کے ان کے مسائل سنے۔ انہوں نے عملے کو فوری حل اور ری سروے کے لیے آنے والی خواتین کو ترجیحی سہولت دینے کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ سروے مکمل طور پر مفت ہے اور کسی بھی کوتاہی کی صورت میں فوری شکایت درج کروائی جائے۔ اس موقع پر ڈاکٹر عبدالعزیز قریشی نے دفتر کے امور پر بریفنگ دی، جبکہ چیئرپرسن نے عملے کو مستحق خواتین کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کی تاکید کی۔

مظفرآباد، وزیراعظم آزاد کشمیر اور چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد زرعی کانفرنس کے موقع پر ہارس اینڈ کیٹل شو کا افتتاح کر رہے ہیں

آزاد کشمیر انتخابات جولائی میں کرانے کا اعلان

انتخابی فہرستیں 30 اپریل کو آویزاں کردی جائیں گی، انتخابی شیڈول مئی کے وسط میں جاری ہوگا، پولنگ جولائی کے پہلے یا دوسرے ہفتے متوقع

الیکشن کمیشن بروقت، شفاف اور منصفانہ انتخابات کیلئے تیار ہے، چیف الیکشن کمشنر آزاد کشمیر جسٹس (ر) غلام مصطفیٰ مغل کی میڈیا گفتگو

مظفرآباد (بیورو رپورٹ) چیف الیکشن کمشنر آزاد کشمیر جسٹس (ر) غلام مصطفیٰ مغل نے ریاست میں عام انتخابات کے حوالے سے تمام قیاس آرائیوں کا خاتمہ کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ عام انتخابات انشاءاللہ جولائی کے مہینے میں منعقد ہوں گے۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ پولنگ جولائی کے پہلے یا دوسرے ہفتے میں متوقع ہے۔ جسٹس (ر) غلام مصطفیٰ مغل نے واضح کیا کہ انتخابات کے التواء سے متعلق گردش کرنے والی تمام افواہیں بے بنیاد ہیں اور الیکشن کمیشن بروقت، شفاف اور منصفانہ انتخابات کے انعقاد کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ انہوں نے شیڈول کی تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ انتخابی فہرستیں 30 اپریل کو آویزاں کردی جائیں گی جبکہ باقاعدہ الیکشن شیڈول مئی کے وسط میں جاری کیے جانے کا قوی امکان ہے۔ چیف الیکشن کمشنر کا کہنا تھا کہ تمام سیاسی جماعتوں سے مشاورت مکمل کرلی گئی ہے اور عمل کو مزید شفاف بنانے کے لیے بعض غیر رجسٹرڈ جماعتوں کو بھی بطور مبصر شامل کیا گیا ہے۔ انہوں نے سیکیورٹی کے حوالے

(باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 2)

لاہور، پولیس مقابلے میں تین ڈاکو ہلاک، ساتھی فرار

ایک ڈاکو شیراکوٹ، 2 چوہنگ میں ساتھی کی فائرنگ سے مارے گئے

لاہور (نیوز رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور میں مبینہ پولیس مقابلوں میں 3 ڈاکو ہلاک جبکہ ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ شیراکوٹ کے علاقے میں اینٹی وہیکل لفٹنگ سٹاف (اے وی ایل ایس اقبال ٹاؤن) اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک ڈاکو ہلاک جبکہ ایک پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ہلاک ہونے والا ڈاکو اس سے قبل پولیس حراست سے فرار ہو چکا تھا اور مبینہ مقابلے کے دوران مارا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فائرنگ کے دوران تین دیگر ڈاکو موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ڈاکو طالبات کی بس پر فائرنگ کے واقعے میں بھی ملوث تھا اور اسے متعدد سنگین مقدمات میں مطلوب قرار دیا گیا تھا واقعے کے بعد پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے جبکہ فرار ملزمان کی گرفتاری کے لیے مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ اس حوالے سے سی سی ڈی کوتوالی میں پولیس مقابلے کا مقدمہ درج کرا لیا گیا ہے جبکہ چوہنگ کے علاقے میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران 2 ڈاکو ہلاک جبکہ ان کا ایک ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔

آزاد کشمیر، پی ٹی آئی رہنما چوہدری مقبول گجر بحیثیت رکن اسمبلی بحال

مظفرآباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ آف آزاد جموں وکشمیر نے ایک تاریخی اور اہم فیصلے میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سینئر رہنما چوہدری محمد مقبول گجر کو بحیثیت رکن قانون ساز اسمبلی بحال کر دیا ہے۔ عدالتِ عظمیٰ کے اس فیصلے کے ساتھ ہی ان کی نااہلی کے خلاف جاری طویل قانونی جنگ اپنے منطقی انجام کو پہنچ گئی ہے۔ عدالت عظمیٰ آزاد کشمیر کے فل بینچ جس کی سربراہی چیف جسٹس سعید اکرم راجہ کر رہے تھے بینچ میں سینئر ترین جج سپریم کورٹ جسٹس رضا علی خان اور جسٹس خالد یوسف شامل تھے تفصیلات کے مطابق، چوہدری محمد مقبول گجر عام انتخابات 2021 میں حلقہ ایل اے-35 جموں 2 (گوجرانوالہ/سیالکوٹ) سے رکن اسمبلی منتخب ہوئے تھے۔

لاہور میں ایک اور مریض میں منکی پاکس کی تصدیق

کنفرم مریضوں کی تعداد 33، میو ہسپتال میں 7 مریض زیر علاج

لاہور (نیوز رپورٹر) منکی پاکس وائرس کا پھیلاؤ تیز، لاہور میں ایک اور مریض میں منکی پاکس کی تصدیق ہوگئی۔ وزارت صحت کے مطابق 18 سالہ شہری میں منکی پاکس کی تصدیق ہوئی ہے، لاہور میں کنفرم مریضوں کی تعداد 33 ہوگئی۔ انتظامیہ کا کہنا ہے کہ میو اسپتال میں 7 مریض زیر علاج ہیں، 4 مریضوں میں منکی پاکس کی تصدیق کی گئی ہے، 3 مشتبہ مریض زیر علاج ہیں۔

امریکہ نے عراق کو امریکی ڈالر کی ترسیل معطل کردی

واشنگٹن (فارن ڈیسک) امریکا نے عراق کو امریکی ڈالر کی ترسیل معطل کر دی۔ امریکی اخبار وال سٹریٹ جرنل نے رپورٹ کیا کہ ٹرمپ انتظامیہ نے عراق کو امریکی ڈالر کی ترسیل معطل اور اس کی فوج کے ساتھ سیکیورٹی تعاون کے پروگرام بھی معطل کر دیئے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ ٹرمپ انتظامیہ نے یہ اقدام ایران کی حمایت یافتہ ملیشیاؤں پر دباؤ بڑھانے کیلئے کیا ہے۔ امریکی اخبار کی رپورٹ کے مطابق اس سے قبل امریکی [illegible] جس کے بعد مذکورہ اقدامات کئے گئے ہیں۔

لاہور، علامہ اقبال کے موضوع پر منعقدہ لیکچر اور مباحثے کے مقابلے کے شرکاء کا گروپ فوٹو

ہائیڈل برگ میں اقبال کا آشیانہ بے توجہی کا شکار

پاکستان اور بھارت دونوں نے تاریخی ورثہ نظرانداز کردیا

برلن (فارن ڈیسک) جرمنی کے خوبصورت اور علمی شہر ہائیڈل برگ میں واقع علامہ محمد اقبال سے منسوب تاریخی رہائش گاہ آج بھی مناسب توجہ سے محروم ہے۔ دریائے نیکر کے کنارے سرسبز پہاڑیوں کے دامن میں واقع یہ چھوٹا سا ہلکا بھورا مکان بظاہر ایک عام نجی رہائش دکھائی دیتا ہے، تاہم اس کے دروازے پر لگی ایک سادہ تختی یہ بتاتی ہے کہ 1907ء میں شاعر مشرق یہاں مقیم رہے تھے۔ یہ مکان، جسے پاکستانی کمیونٹی "اقبال ہاؤس" کے نام سے جانتی ہے، اگرچہ نقشوں پر درج ہے لیکن وہاں نہ کوئی عجائب گھر قائم ہے، نہ رہنمائی کا کوئی نظام اور نہ ہی ایسا کوئی نمایاں انتظام جو اس کی تاریخی اہمیت کو اجاگر کرے۔ یہ عمارت اس دور کی گواہ ہے جب اقبال نے ہائیڈل برگ میں جرمن زبان سیکھی اور فلسفہ و ادب پر غور کرتے ہوئے اپنے فکری سفر کی بنیاد رکھی۔ دلچسپ امر یہ ہے کہ اس عمارت پر نصب تختی بھی کسی سرکاری ادارے کی جانب سے نہیں بلکہ 1966ء میں جرمنی میں مقیم پاکستانیوں کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ ماہرین کے مطابق یہ وہ مقام ہے جہاں اقبال کے تصورِ ملت اور فکری سوچ نے ابتدائی شکل اختیار کی، جو بعد ازاں برصغیر کی سیاسی تاریخ پر اثر انداز ہوئی۔

اساتذہ کیلئے ای بائیک سکیم شروع کرنے کا فیصلہ

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب حکومت نے اساتذہ کو سفری سہولت فراہم کرنے کیلئے ای بائیک سکیم شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے جس کے تحت اساتذہ کو بلاسود اقساط پر الیکٹرک بائیکس فراہم کی جائیں گی۔ حکام کے مطابق سی ایم پنجاب ای بائیک ٹیچر سکیم کیلئے آن لائن درخواستوں کا آغاز جلد کیا جائے گا اور اساتذہ پنجاب ٹیچرز فاؤنڈیشن کی ویب سائٹ کے ذریعے اپلائی کرسکیں گے۔ درخواست دینے کیلئے سی این آئی سی، سروس سرٹیفکیٹ، ڈرائیونگ لائسنس اور پاسپورٹ سائز تصویر لازمی قرار دی گئی ہے۔

لاہور، مزدور ریلوے سٹیشن کے سامنے ترقیاتی کام میں مصروف ہیں

GB الیکشن! 24 حلقوں سے 664 کاغذات جمع

گلگت دو میں 58، دیامر 4 سے 11 امیدواروں کے کاغذات جمع

گلگت (نمائندہ ممتاز) گلگت بلتستان میں 7 جون 2026 کو ہونے والے عام انتخابات کیلئے جمع کاغذات نامزدگی کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ گلگت بلتستان الیکشن کیلئے 24 حلقوں سے مجموعی طور پر 664 امیدواروں کے کاغذات نامزدگی جمع ہوئے، گلگت حلقہ 1 سے 34، حلقہ 2 سے 58 اور حلقہ 3 سے 23 امیدواروں کے کاغذات نامزدگی جمع کرائے گئے۔ نگر 1 سے 38 اور نگر 2 سے 30 امیدواروں نے کاغذات نامزدگی جمع کرائے، ہنزہ کے واحد حلقے سے 38 امیدوار سیاسی قسمت آزمائی کریں گے، اسکردو 1 سے 33، اسکردو 2 سے 23، سکردو 3 سے 18 اور سکردو 4 سے 25 امیدوار مدمقابل ہوں گے۔ کھرمنگ سے 21 اور ضلع شگر سے 19 امیدواروں نے کاغذات جمع کروائے ہیں، گانچھے 1 سے 15، گانچھے 2 سے 29 اور گانچھے 3 سے 15 امیدواران نے کاغذات نامزدگی جمع کرادیے۔ استور 1 سے 19 جبکہ استور 2 سے 57 امیدواروں کے درمیان مقابلہ ہوگا، دیامر 1 سے 29، دیامر 2 سے 15، دیامر 3 سے 14 اور دیامر 4 سے 11 امیدوار میدان میں ہیں۔

لاہور قلندرز نے کینسر میں مبتلا بچے کی خواہش پوری کردی

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پی ایس ایل چیمپئن لاہور قلندرز نے کینسر میں مبتلا بچے کی کپتان شاہین آفریدی سے ملنے کی خواہش پوری کردی۔ قلعہ دیدار سنگھ گوجرانوالہ سے تعلق رکھنے والے بچے فرزان نے ایک ویڈیو پیغام میں لاہور قلندرز کے کپتان شاہین آفریدی سے ملنے کی خواہش ظاہر کی تھی۔ لاہور قلندرز کی انتظامیہ نے کینسر کا شکار فرزان کی شاہین آفریدی سے ملنے کی خواہش پوری کی، انتظامیہ کے مطابق اسپیشل قلندر ٹیم کو سپورٹ کرنے گراؤنڈ میں آیا۔ فرزان سے شاہین آفریدی اور ثمین رانا نے ملاقات کی، اس موقع پر فرزان کو شاہین آفریدی نے بچے کی نام کی ٹی شرٹ اپنے دستخط کر کے پیش کی۔

کولمبیا امن معاہدہ ترقی کا جامع فریم ورک، پاکستان

طویل تنازع کے بعد معاہدے پر عملدرآمد پیچیدہ مرحلہ ہوتا ہے

مستقل مندوب عاصم افتخار کا اقوام متحدہ کے اجلاس سے خطاب

نیویارک (فارن ڈیسک) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے کہا ہے کہ کولمبیا کا 2016 کا امن معاہدہ دیرپا امن، استحکام اور ترقی کے لیے ایک جامع فریم ورک فراہم کرتا ہے۔ اقوام متحدہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ طویل تنازع کے بعد امن معاہدے پر عملدرآمد ایک پیچیدہ مرحلہ ہوتا ہے، تاہم کولمبیا اس حوالے سے پیش رفت کر رہا ہے، جو قابل تحسین ہے۔ پاکستان نے اقوام متحدہ کے تصدیقی مشن کی خدمات کو سراہتے ہوئے کولمبیا کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ امن معاہدے پر مکمل اور مؤثر عملدرآمد ہی اُن علاقوں میں استحکام لاسکتا ہے جہاں اب بھی سکیورٹی چیلنجز موجود ہیں، اور یہی عمل عوام کے اعتماد کی بحالی میں مددگار ثابت ہوگا۔ انہوں نے سابق جنگجوؤں کے لیے روزگار کے مواقع بڑھانے، متاثرہ افراد کی بحالی، اور سیکیورٹی اقدامات کو مضبوط بنانے کی کوششوں کو بھی سراہا۔ پاکستان نے حالیہ پارلیمانی انتخابات کا خیرمقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ آئندہ صدارتی انتخابات بھی پرامن اور شفاف انداز میں منعقد ہوں گے۔

وسیم خان آئی سی سی میں جنرل منیجر کے عہدہ سے مستعفی

مئی 2022 میں جیف الرڈیس کی جگہ جی ایم کا عہدہ سنبھالا تھا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) سابق سی ای او پاکستان کرکٹ بورڈ وسیم خان نے آئی سی سی جنرل منیجر کے عہدے سے استعفیٰ دیدیا۔ انہوں نے اس عہدے پر تقریباً چار برس تک ذمہ داریاں نبھائیں۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق وسیم خان نے مئی 2022 میں جیف الرڈیس کی جگہ (جن کو سی ای او کے عہدے پر فائز کردیا گیا تھا) عہدہ سنبھالا تھا۔ تفصیلات کے مطابق سابق سی ای او پاکستان کرکٹ بورڈ وسیم خان نے آئی سی سی جنرل منیجر کے عہدے سے استعفیٰ دیدیا۔ انہوں نے اس عہدے پر تقریباً چار برس تک ذمہ داریاں نبھائیں۔ کرکٹ ویب سائٹ کے مطابق وسیم خان نے مئی 2022 میں جیف الرڈیس کی جگہ (جن کو سی ای او کے عہدے پر فائز کردیا گیا تھا) عہدہ سنبھالا تھا اس سے قبل وہ پی سی بی میں بطور سی ای او فرائض انجام دے رہے تھے۔

فلڈ لائٹس میں میچز، عدالت کا پی سی بی سے جواب طلب

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے پی ایس ایل میچز فلڈ لائٹس میں کروانے پر پاکستان کرکٹ بورڈ کے وکیل کو جواب جمع کروانے کی ہدایت کردی۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائیکورٹ نے پی ایس ایل میچز فلڈ لائٹس میں کروانے پر پاکستان کرکٹ بورڈ کے وکیل کو جواب جمع کروانے کی ہدایت کردی لاہور ہائیکورٹ میں پی ایس ایل میچز فلڈ لائٹس میں کروانے کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی جس دوران عدالت نے پاکستان کرکٹ بورڈ کے وکیل کو جواب جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ پی سی بی کے وکیل نے درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ جنریٹرز کے ذریعے میچز کرواتا ہے، ہم واپڈا کی بجلی استعمال نہیں کرتے۔ بعدازاں لاہور ہائیکورٹ نے درخواست پر سماعت 5 مئی تک ملتوی کردی۔

انگلش فٹبالر نے ہنڈرڈ کرکٹ لیگ میں مشہور فرنچائز کے شیئرز خرید لئے

جوڈ بیلنگھم نے ہنڈرڈ فرنچائز کی مقبول ٹیم برمنگھم فینکس کے 10 لاکھ پاؤنڈز مالیت کے حصص خریدے

امریکی انوسٹمنٹ فنڈ کمپنی 49 فی صد حصص خرید کر واروک شائر کاؤنٹی کے ساتھ شریک مالک بن گئی تھی

لندن (سپورٹس ڈیسک) معروف انگلش فٹبالر جوڈ بیلنگھم نے ہنڈریڈ فرنچائز کی مقبول ٹیم برمنگھم فینکس میں 10 لاکھ پاؤنڈز مالیت کے حصص خرید لیے۔ امریکی انویسٹمنٹ فنڈ کمپنی نائٹ ہیڈ کیپیٹل (جو انگلینڈ کی برمنگھم سٹی ایف سی کی مالک ہے) گزشتہ برس برمنگھم فینکس کے 49 فی صد حصص خرید کر واروک شائر کاؤنٹی کے ساتھ شریک مالک بن گئی تھی۔ تفصیلات کے مطابق معروف انگلش فٹبالر جوڈ بیلنگھم نے ہنڈریڈ فرنچائز کی مقبول ٹیم برمنگھم فینکس میں 10 لاکھ پاؤنڈز مالیت کے حصص خرید لیے۔ امریکی انویسٹمنٹ فنڈ کمپنی نائٹ ہیڈ کیپیٹل (جو انگلینڈ کی برمنگھم سٹی ایف سی کی مالک ہے) گزشتہ برس برمنگھم فینکس کے 49 فی صد حصص خرید کر واروک شائر کاؤنٹی کے ساتھ شریک مالک بن گئی تھی بدھ کے روز جاری ایک بیان میں واروک شائر نے اس بات کی تصدیق کی کہ ریال میڈرڈ کے مڈفیلڈر (جن کی پرورش برمنگھم میں ہوئی ہے) نے دونوں فریقین سے کچھ حصص خریدے ہیں۔ جوڈ بیلنگھم نے مجموعی طور پر فرنچائز کے 2.1 فی صد حصص خریدے، جس میں نصف واروک شائر اور دیگر نصف حصہ نائٹ ہیڈ سے حاصل کیا۔ جس کے بعد کلب کے پاس 50.4 فی صد جبکہ نائٹ ہیڈ کے پاس 48.4 فی صد شیئر باقی ہیں۔

ناہید رانا نے پی ایس ایل میں دوبارہ شمولیت کیلئے این او سی طلب نہیں کیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) بنگلا دیش کے فاسٹ بولر ناہید رانا نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) میں دوبارہ شمولیت کیلئے این او سی طلب نہیں کیا۔ ذرائع کے مطابق بی سی بی نے ناہید رانا کو پی ایس ایل کیلئے 13 اپریل تک این او سی جاری کیا تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ بنگلا دیشی فاسٹ بولر پی ایس ایل کھیلنے والے دیگر بنگلا دیشی کھلاڑیوں کے ساتھ نیشنل ڈیوٹی کے لیے واپس چلے گئے۔ ذرائع کے مطابق نیوزی لینڈ کے خلاف ون ڈے اسکواڈ میں شامل ناہید رانا پہلے دو ٹی 20 میچز کیلئے ٹیم میں شامل نہیں ہیں۔

فائنل میں دعوت کیوں نہیں دی

بااثر بھارتی شخصیت نے پچ اکھاڑ دی

نئی دہلی (سپورٹس ڈیسک) بھارت میں ایک حیران کن اور انوکھا واقعہ پیش آیا، جہاں ایک کرکٹ میچ کے دوران ٹریکٹر کے ذریعے پچ کو تباہ کر دیا گیا، جس کے باعث میچ منسوخ کرنا پڑ گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یہ واقعہ ریاست مہاراشٹر کے ضلع جالگاؤں میں پیش آیا، جہاں رورل ایم ایل اے کپ کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل میچ جاری تھا۔ رپورٹ کے مطابق میچ کے دوران اچانک ایک نوجوان ٹریکٹر لے کر میدان میں داخل ہوا اور سیدھا کرکٹ پچ کی طرف بڑھا۔ اس نے ٹریکٹر کے ذریعے وکٹیں توڑ دیں اور پچ کو مکمل طور پر کھود کر ناقابلِ استعمال بنا دیا۔ اس غیر متوقع واقعے پر کھلاڑی اور تماشائی حیران رہ گئے جبکہ میدان میں افراتفری پھیل گئی۔ عینی شاہدین کے مطابق ٹریکٹر چلانے والا نوجوان بغیر کسی خوف کے نقصان پہنچانے کے بعد موقع سے نکل گیا۔

نشہ آور شے کا استعمال، ٹیسٹ مثبت آنے پر نواز کیخلاف تحقیقات کا فیصلہ

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ نے قومی ٹیم کے آل راؤنڈر محمد نواز کا نشہ آور شے کا ٹیسٹ مثبت آنے پر معاملے کی تحقیقات کا فیصلہ کیا ہے۔ کرکٹ ویب سائٹ کرک انفو کی رپورٹ کے مطابق محمد نواز کا نشہ آور شے کا ٹیسٹ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے دوران مثبت آیا تھا، آئی سی سی نے اس حوالے سے پی سی بی کو آگاہ کردیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق آئی سی سی کی جانب سے معلومات فراہم کرنے کے بعد پی سی بی نے معاملے کی تحقیقات کا آغاز کردیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ ٹیسٹ میں محمد نواز پر ریکریشنل ڈرگ (نشہ آور شے) استعمال کرنا ثابت ہوا، پی سی بی نے محمد نواز کے خلاف تحقیقات سے متعلق آئی سی سی کو آگاہ کردیا۔ دوسری جانب سے ترجمان پاکستان کرکٹ بورڈ نے کہا ہے کہ محمد نواز کے حوالے سے کارروائی آئی سی سی نے شروع کی ہے۔

حیدرآباد کیخلاف میچ میں ملتان کے اوپنرز سنچری پارٹنرشپ پر ایک دوسرے کو داد دے رہے ہیں

ویسٹ انڈیز چیمپئن شپ کا میچ خطرناک پچ کے باعث ختم

تیسرے روز کھیل اس وقت روکا گیا جب باؤنس ناہموار اور غیر متوقع تھا

جمیکا (سپورٹس ڈیسک) ویسٹ انڈیز چیمپئن شپ کا میچ خطرناک پچ کے باعث ختم کر دیا گیا۔ ویوین رچرڈز اسٹیڈیم میں لیوارڈ آئی لینڈ اور ٹرینیڈاڈ اینڈ ٹوباگو کے درمیان میچ کھیلا جا رہا تھا، چیمپئن شپ کے دوسرے میچ کو پچ کی خطرناک حالت کے باعث ختم کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ویسٹ انڈیز چیمپئن شپ کا میچ خطرناک پچ کے باعث ختم کر دیا گیا۔ ویوین رچرڈز اسٹیڈیم میں لیوارڈ آئی لینڈ اور ٹرینیڈاڈ اینڈ ٹوباگو کے درمیان میچ کھیلا جا رہا تھا، چیمپئن شپ کے دوسرے میچ کو پچ کی خطرناک حالت کے باعث ختم کیا گیا ہے کھیل کو تیسرے روز کے پہلے سیشن کے دوران اس وقت روکا گیا جب باؤنس ناہموار اور غیر متوقع تھا، باؤنس سے کھلاڑیوں کی حفاظت کے حوالے سے شدید خدشات تھے۔ اس دوران لیوارڈ آئی لینڈ کے کھلاڑی جیریمیہ لوئس کو جیڈن سیلز کی گیند زوردار طریقے سے لگی جس کے بعد کھلاڑی کو گراؤنڈ میں فوری طبی امداد دینے کے بعد اسپتال منتقل کر دیا گیا تھا۔ کرکٹر کا کنکشن ٹیسٹ بھی ہوا تاہم اب اسپتال میں ان کی طبیعت بہتر بتائی گئی ہے۔ کرکٹ ویسٹ انڈیز کے مطابق اس گراؤنڈ میں اگلے میچ تک پچ کو اچھے انداز میں بنانے کے تمام اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔

ڈی آئی جی سیکیورٹی ڈاکٹر مقصود احمد اسلام آباد یونائیٹڈ کے کپتان شاداب خان کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

آئی سی سی رینکنگ جاری، ون ڈے بیٹرز میں بابر کا چھٹا نمبر

باؤلرز میں افغانستان کے راشد خان، آل راؤنڈرز میں عظمت اللہ عمرزئی پہلے نمبر پر

دبئی (سپورٹس ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے پلیئرز رینکنگ جاری کردی ہے۔ ون ڈے بیٹرز رینکنگ میں نیوزی لینڈ کے ڈیرل مچل پہلے نمبر پر موجود ہیں، بھارت کے ویرات کوہلی دوسرے اور افغانستان کے ابراہیم زادران تیسرے نمبر پر موجود ہیں۔ رینکنگ میں پاکستان کے بابر اعظم کا چھٹا اور سلمان آغا کا دسواں نمبر ہے۔ اس کے علاوہ بنگلا دیش کے توحید ہردوئے پانچ درجے بہتری کے بعد 27 ویں نمبر پر آگئے۔ تنزید حسن 14 درجے ترقی کے بعد 40 ویں نمبر پر پہنچ گئے۔ ون ڈے بولرز رینکنگ میں افغانستان کے راشد خان کا پہلا نمبر ہے، انگلینڈ کے جوفرا آرچر دوسرے نمبر پر ہیں۔ آسٹریلیا کے ایڈم زمپا اور پاکستان کے ابرار احمد ایک ایک درجہ بہتری کے بعد دسویں اور گیارہویں نمبر پر آگئے۔ بنگلا دیش کے ارشاد حسین 10 درجے بہتری کے بعد 60 ویں نمبر پر موجود ہیں۔

پشاور زلمی کی پوائنٹس ٹیبل پر پہلی پوزیشن برقرار

علی رضا پی ایس ایل میں ہیٹ ٹرک کرنے والے سب سے کم عمر باؤلر

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پی ایس ایل 11 میں پشاور زلمی نے کراچی کنگز کو باآسانی 7 وکٹوں سے شکست دے کر ٹیبل پر اپنی پہلی پوزیشن کو برقرار رکھا ہے۔ لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں کراچی کنگز نے پشاور زلمی کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ کراچی کنگز نے مقررہ 20 اوورز میں 9 وکٹوں پر 182 رنز اسکور کیے۔ جیسن روئے 85 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ اعظم خان نے 35 رنز اسکور کیے۔ پشاور زلمی کے نوجوان فاسٹ بولر علی رضا نے اننگز کی آخری 3 گیندوں پر ہیٹ ٹرک مکمل کی اور مجموعی طور پر میچ میں 4 وکٹیں حاصل کیں۔ اس کے علاوہ محمد باسط، افتخار احمد، سفیان مقیم اور ایرون ہارڈی نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ 18 سالہ علی رضا پی ایس ایل کی تاریخ میں ہیٹ ٹرک کرنے والے سب سے کم عمر بولر بن گئے ہیں۔ وہ پی ایس ایل میں ہیٹ ٹرک کرنے والے ساتویں بولر ہیں۔

نائلہ راجہ ایک بار پھر سوشل میڈیا تنقید کی زد میں آگئیں

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستانی انفلوئنسر اور وکیل نائلہ راجہ ایک بار پھر سوشل میڈیا تنقید کی زد میں آگئیں، ان کی ایک حالیہ گیٹ ریڈی وِدمی ویڈیو کو صارفین نے مبینہ طور پر عماد وسیم کی سابق اہلیہ ثانیہ اشفاق پر طنزیہ وار قرار دیا ہے۔ نائلہ راجہ کرکٹر عماد وسیم کی دوسری اہلیہ ہیں، وہ اپنی ازدواجی زندگی اور ذاتی مواد کو اکثر سوشل میڈیا پر شیئر کرتی ہیں، انہوں نے پہلے بھی واضح کیا کہ میں اپنے رشتے میں خوش ہوں اور اپنے شوہر کی سابق اہلیہ سے متعلق معاملات میں دلچسپی نہیں رکھتی۔ تازہ ویڈیو میں جب وہ میک اپ کر رہی تھیں اور ایک پرانا گانا سن رہی تھیں، تو انہوں نے اس پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بعض اوقات قریبی لوگ انسان کی قدر نہیں سمجھتے جبکہ دور موجود مداح بہتر طور پر انسان کی اہمیت کو سمجھتے ہیں۔ سوشل میڈیا صارفین نے ان کے اس بیان کو ثانیہ اشفاق پر مبینہ طنز قرار دے دیا اور اس پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ یہ رویہ غیر مناسب ہے۔

راولپنڈیز کے بعد کوئٹہ بھی پلے آف مرحلے کی دوڑ سے باہر

کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم 9 میچز میں سے صرف 3 میں فتح حاصل کرسکی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے گیارہویں ایڈیشن میں راولپنڈیز کے بعد ایک اور ٹیم پلے آف مرحلے کی دوڑ سے باہر ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز لاہور قلندرز کے ہاتھوں اہم میچ میں شکست کے بعد کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم ایونٹ سے باہر ہوگئی ہے۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم 9 میچز میں سے 3 میں فتح حاصل کرسکی ہے اور اب اس کا آخری میچ محض رسمی کارروائی ثابت ہوگا۔ واضح رہے کہ نئی شامل ہونے والی فرنچائز راولپنڈیز محمد رضوان کی قیادت میں مسلسل آٹھ میچز میں ناکامی کا شکار ہوچکی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے گیارہویں ایڈیشن میں راولپنڈیز کے بعد ایک اور ٹیم پلے آف مرحلے کی دوڑ سے باہر ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز لاہور قلندرز کے ہاتھوں اہم میچ میں شکست کے بعد کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم ایونٹ سے باہر ہوگئی ہے۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ٹیم 9 میچز میں سے 3 میں فتح حاصل کرسکی ہے اور اب اس کا آخری میچ محض رسمی کارروائی ثابت ہوگا۔ واضح رہے کہ نئی شامل ہونے والی فرنچائز راولپنڈیز محمد رضوان کی قیادت میں مسلسل آٹھ میچز میں ناکامی کا شکار ہوچکی ہے پشاور زلمی 15، ملتان سلطانز 12، اسلام آباد یونائیٹڈ 9، لاہور قلندرز 8، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز، حیدرآباد کنگزمین اور کراچی کنگز 6، 6 پوائنٹس کے ساتھ ساتھ بالترتیب پہلی سے ساتویں پوزیشن پر موجود ہیں۔

لاہور، انٹر ڈسٹرکٹ کبڈی مقابلہ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنیوالے کھلاڑیوں کا گروپ فوٹو

CDA | CAPITAL DEVELOPMENT AUTHORITY | URAAN PAKISTAN #HumCDA

Procurement & Contract Agreement-I

PROPOSALS FOR PRE-QUALIFICATION OF FIRMS /CONTRACTORS

1. The Capital Development Authority (CDA) invites e-application from the National Engineering Firms/Contractors registered with Pakistan Engineering Council in Category C-A (No Limit) along with project codes CE-01, CE-09, CE-10, EE-01, EE-02, EE-04, EE-06, EE-07, ME-01, ME-02, ME-03 for pre-qualification of work.

"ESTABLISHMENT OF FRD HEADQUARTERS AT SECTOR H-11, ISLAMABAD"

2. Electronic pre-qualification document, containing detailed requirements, terms and conditions is available for the registered bidders on EPADS at www.eprocure.gov.pk and www.ppra.org.pk.
3. The electronic proposal, prepared in accordance with instructions in the pre-qualification documents must be submitted through EPADS on or before 11-05-2026 at 11:30 AM. Manual submission shall not be accepted. Electronic proposals will be opened on the same day at 12:00 PM on www.eprocure.gov.pk.
4. Notification of the GRC constituted in terms of Rule-48 of Public Procurement Rules, 2004 is provided on EPADS at www.eprocure.gov.pk.
5. Further information regarding the project may be obtained from the Director, works Mashooq Ali Sheikh (Cell No. +92-334-5112472) on any working day (during office hours i.e. 8:00 am PST till 4:00 pm PST). Only the short listed/prequalified firms/contractors will subsequently be invited to submit tender/bid for the above-mentioned project. In case of in complete information or concealment of fact, the application will result into disqualification of the firm/contractor.

Dy. Director-Civil (P&CA-I), CDA
P&C Wing, Block No III, Room No.28
CDA Secretariat, Sector G 7/4, Islamabad.
+92-51-9252029

PID(I)8578/25

روزنامہ ممتاز

بقیہ جات

کلاسیفائیڈ

کاغذات گمشدگی

میرا موٹر سائیکل رجسٹریشن نمبر IDM-5965، انجن نمبر BE453750، چیسز نمبر 1413565 جس کی رجسٹریشن بک تھانہ نصیر آباد کے ایریا میں گم ہو گئی ہے جس کسی کو ملے اس پتہ پر ارسال کرے۔ المشتہر معین اختر ولد محمد نصیر انور رسکنہ اے ایف کے پلازہ فلیٹ نمبر 4 سیکٹر ایف 10 مرکز اسلام آباد۔

بقیہ 1 فیصلہ

کو آپریشن کو یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام کو جدید، تیز اور آسان سفری سہولیات فراہم کرنا ہمارا عزم ہے۔ ایک ہی سیکٹر پر تمام اداروں کی مشترکہ چیکنگ سے مسافروں کے وقت کی بچت ہوگی اور ایئرپورٹس پر رش اور انتظار کی کیفیت میں نمایاں کمی آئے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مسافروں کی تیز تر کلیئرنس کے لیے تمام رکاوٹیں دور کی جائیں تاکہ بیرون ملک سے آنے اور جانے والے شہریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 2 اعلان

سے بتایا کہ شیڈول کے فوراً بعد پاک فوج اور رینجرز کی تعیناتی کے لیے حکومت سے رابطہ کیا جائے گا تاکہ امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آزاد کشمیر کے انتخابات پر عالمی برادری اور دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں کی نظریں ہوتی ہیں، اس لیے غیر جانبداری پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔ عدالتی معاملات پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تیرہویں آئینی ترمیم اور صدارتی انتخاب سے متعلق معاملات عدالتوں میں زیر سماعت ہیں اور الیکشن کمیشن عدالتی فیصلوں پر عملدرآمد کا پابند ہے۔ آخر میں انہوں نے شہریوں اور میڈیا پر زور دیا کہ وہ سوشل میڈیا کا مثبت استعمال کریں اور منفی پروپیگنڈے سے اجتناب برتیں۔

بقیہ 3 پاکستان پرعزم

وفاقی وزراء اور اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایران امریکا جنگ بندی میں توسیع کے بعد کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں مذاکرات کے دوسرے دور کو یقینی بنانے کیلئے پاکستان کی جانب سے سفارتی کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا، اس حوالے سے پاکستانی قیادت ایرانی قیادت کے ساتھ رابطے کرے گی۔ اجلاس میں پاکستان نے امریکی صدر کی طرف سے جنگ بندی میں توسیع کے اعلان کا خیر مقدم کیا۔ ادھر ایران کے سفیر رضا امیری مقدم نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی، ملاقات میں خطے کی موجودہ صورتحال، کشیدگی میں کمی اور امن کے لیے جاری سفارتی کوششوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں مشرق وسطیٰ اور خلیجی خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مذاکرات کے ذریعے مسائل کے حل کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن، استحکام اور تعمیری سفارتکاری کے فروغ کے لیے اپنا مثبت کردار جاری رکھے گا۔ ایرانی سفیر نے حالیہ سفارتی کاوشوں پر پاکستانی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ برادر ممالک کے درمیان مفاہمت اور امن کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے وزیراعظم کی قیادت اور خطے میں امن کے لیے کوششوں کو سراہا۔

بقیہ 4 وزیراعظم

مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملک میں بجلی سے چلنے والی گاڑیوں کے فروغ پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ وزیراعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ الیکٹرک وہیکلز (ای وی) کے فروغ کیلئے تیزی سے اقدامات کیے جائیں، موجودہ علاقائی صورتحال اور مستقبل کی ضروریات کے پیش نظر الیکٹرک گاڑیوں کے فروغ سے نہ صرف ایندھن کے درآمدی بوجھ میں کمی آئے گی بلکہ یہ ماحولیاتی تحفظ اور انرجی سیکیورٹی کے لیے بھی انتہائی اہم ہے۔ انہوں نے قومی ای-وی پالیسی کے تحت کم آمدنی والے افراد کیلئے الیکٹرک موٹر سائیکلوں پر دی جانے والی سبسڈی میں شفافیت یقینی بنانے اور اس سکیم کے نفاذ میں مزید تیزی لانے کی بھی ہدایت کی۔ اجلاس کو الیکٹرک وہیکلز کی ملک گیر سطح پر ترویج کیلئے جاری اقدامات پر بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ ملک بھر میں الیکٹرک موٹر سائیکل اور رکشہ بنانے کیلئے 72 جبکہ الیکٹرک گاڑیوں کے لیے 4 مینوفیکچرنگ سرٹیفکیٹ جاری ہو چکے ہیں۔ اس کے علاوہ ای وی چارجنگ سٹیشنز کے قیام کیلئے اب تک 123 درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ بریفنگ کے مطابق ایسی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے کہ آئندہ 5 سالوں میں ملک میں 30 فیصد گاڑیاں بجلی سے چلیں جس سے اندازاً 5.4 بلین ڈالر تک فیول کی بچت ہوگی، بریفنگ کے مطابق گریڈ 16 تک کے سرکاری ملازمین کو آسان قسطوں پر الیکٹرک بائیکس فراہم کیے جائیں گے۔ ادھر وزیراعظم شہباز شریف نے پولیو کے خلاف جنگ میں انسداد پولیو ٹیم کی کوششوں کی تعریف کی ہے۔ وزیراعظم کی زیر صدارت انسداد پولیو سے متعلق جائزہ اجلاس ہوا، جس سے خطاب میں شہباز شریف نے کہا کہ ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ اجلاس کے شرکاء کو دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ رواں سال اب تک پولیو کا صرف 1 کیس ضلع سجاول سے رپورٹ ہوا جبکہ 2024 میں پولیو کے 74 کیسز اور 2025 میں 31 کیسز رپورٹ ہوئے تھے۔ ادھر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلغاریہ کے پارلیمانی انتخابات میں تاریخی کامیابی پر رومین رادیو کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان بلغاریہ کے ساتھ اپنے خوشگوار اور دوستانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ ادھر وزیراعظم شہباز شریف نے یوم ارض کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ زمین کے قدرتی وسائل انسانی زندگی کی بقا کیلئے ناگزیر ہیں۔ حکومت پاکستان زمین کے قدرتی وسائل، نباتات اور ماحول کے تحفظ اور موسمیاتی تبدیلی سے مقابلہ کرنے کیلئے دیگر اقدامات سمیت قابل تجدید توانائی کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔

بقیہ 5 ٹرمپ

فوج کو ہدایت دی ہے کہ ناکہ بندی جاری رکھی جائے اور ہر ممکن صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار رہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کے مطابق جنگ بندی کو اس وقت تک بڑھایا جا رہا ہے جب تک ایران اپنی تجاویز پیش نہیں کر دیتا۔ انہوں نے اس پیش رفت کو ایران کے ساتھ مذاکرات کے دوسرے دور کے لیے مثبت قرار دیتے ہوئے کہا کہ مذاکرات کا اگلا مرحلہ ممکنہ طور پر جمعہ کو ہو سکتا ہے۔ ادھر ٹروتھ سوشل پر جاری پیغام میں ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایرانی حکومت نے ان کی درخواست پر 8 خواتین کی سزائے موت پر عمل روک دیا ہے۔ ٹرمپ نے لکھا کہ انہیں بتایا گیا ہے کہ جن 8 خواتین کو آج رات سزائے موت دی جانی تھی انہیں اب سزائے موت نہیں دی جائے گی۔ ٹرمپ نے کہا کہ ان میں 4 خواتین کو فوری رہا کیا جائے گا جبکہ 4 کو ایک ماہ کی قید کے بعد رہا کر دیا جائے گا۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ وہ اس امر کو سراہتے ہیں کہ ایرانی قیادت نے بطور امریکی صدر ان کی اس درخواست کا احترام کیا اور ان خواتین کی سزائے موت کو ختم کر دیا۔ اپنے ایک اور بیان میں ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کی پوری بحریہ سمندر کی تہہ میں ہے، ایران کی فضائیہ ختم ہو چکی۔ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران چاہتا ہے آبنائے ہرمز کھلے تاکہ وہ 5 سو ملین ڈالرز روزانہ کما سکے، یہی وہ رقم ہے جو آبنائے ہرمز بند ہونے کی وجہ سے ایرانی کھو رہے ہیں۔ ایران آبنائے ہرمز کی بندش نہیں چاہتا، امریکا نے آبنائے ہرمز کی مکمل

ناکہ بندی کی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی صرف شرمندگی سے بچنے کے لیے کہہ رہے ہیں کہ ہرمز بند رہے، 4 روز پہلے لوگوں نے مجھ سے رابطہ کیا اور کہا سر ایران ہرمز کھولنا چاہتا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ہم نے آبنائے ہرمز کھولی تو پھر ایران سے امریکا کبھی ڈیل نہیں کر سکے گا، ڈیل نہیں ہو سکے گی تاوقتیکہ ہم بقیہ ایران کو بھی تباہ کر دیں، بشمول ان کے رہنماؤں کے۔ دوسری طرف ترجمان وائٹ ہاؤس کیرولین لیوٹ نے کہا کہ ایران کی ناکہ بندی جاری ہے، جنگ بندی کے حوالے سے کوئی ڈیڈ لائن نہیں دی، جنگ بندی غیر معینہ مدت کیلئے نہیں بڑھائی جائے گی، امریکہ اپنی شرائط میں کوئی نرمی نہیں برتے گا۔ ایران معاشی پابندیوں کی وجہ سے مذاکرات کی طرف آ رہا ہے۔ ٹرمپ کو ایرانی قیادت کی طرف سے متفقہ جواب چاہیے۔ قبل ازیں وائٹ ہاؤس نے تصدیق کی ہے کہ امریکی نائب صدر جے ڈی وینس فی الحال مذاکرات کے لیے پاکستان نہیں جائیں گے۔ دوسری طرف روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے کہا ہے کہ ایران کو جھوٹے وعدوں پر ٹرخایا گیا، اسے دھمکیاں دی گئیں، دلاسے دیئے گئے لیکن حقائق پر بات نہیں کی گئی۔ روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف کا کہنا تھا کہ ایران امریکی جھوٹے وعدوں میں پھنس چکا ہے، ایران امریکا مذاکرات میں بیانات اور وعدے تو نظر آتے ہیں لیکن ٹھوس حقائق نہیں، ایران کا موقف درست ہے کہ وہ پہلے بھی ایسے وعدوں کا شکار ہو چکا ہے۔ ادھر چین نے کہا ہے کہ سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کو حل کرنے میں فریقین کی حمایت کرتے ہیں، جارحیت کو دوبارہ شروع ہونے سے روکنے کی کوشش سب سے بڑی ترجیح ہے۔ ترجمان چینی وزارت خارجہ نے ایران جنگ بندی میں توسیع پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کو حل کرنے میں فریقین کی حمایت کرتے ہیں۔ جنگ اور امن کے درمیان موجودہ علاقائی صورت حال نازک مرحلے پر ہے۔ ترجمان نے کہا ہے کہ جارحیت کو دوبارہ شروع ہونے سے روکنے کی کوشش سب سے بڑی ترجیح ہے۔

بقیہ 6 ایران

کہ دنیا آپ کی نہ ختم ہونے والی منافقانہ بیان بازی اور دعوؤں اور اقدامات کے درمیان تضاد کو دیکھ رہی ہے۔ ادھر ایرانی سپیکر باقر قالیباف نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ مکمل جنگ بندی اسی صورت میں بامعنی ہو سکتی ہے جب اسے سمندری ناکہ بندی اور عالمی معیشت کو یرغمال بنانے جیسے اقدامات سے پامال نہ کیا جائے اور تمام محاذوں پر صیہونی جارحیت کو روکا جائے۔ اسی صریح خلاف ورزیوں کی موجودگی میں آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنا ممکن نہیں۔ ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر باقر قالیباف نے اپنے بیان کے آخر پر کہا کہ فوجی جارحیت کے ذریعے اپنے اہداف حاصل نہیں کیے جا سکے اور نہ ہی دھونس سے یہ ممکن ہوگا۔ آگے بڑھنے کا واحد راستہ ایرانی قوم کے حقوق کو تسلیم کرنا ہے۔ اقوام متحدہ میں ایران کے سفیر امیر سعید ایراوانی نے کہا ہے کہ امریکی بحری ناکہ بندی کے خاتمے کے بعد ایران مذاکرات کے لیے تیار ہے۔ ایلچی کا کہنا ہے امیر سعید ایراوانی نے بیان میں کہا کہ تہران امریکہ کی جانب سے اپنی بحری ناکہ بندی ختم کرتے کے فوراً بعد مذاکرات کے لیے تیار ہے، اس بات پر زور دیتے ہوئے کہ واشنگٹن کو پہلے اپنی جنگ بندی کی خلاف ورزیوں کو روکنا چاہیے۔ ہمیں امریکی ناکہ بندی ختم ہونے سے متعلق اشارے ملے ہیں۔ ایران نے پڑوسی ممالک کو خبردار کیا ہے امریکا کو ہم پر حملے کے لیے اپنے فوجی اڈے کسی بھی قیمت پر نہ دیں۔ ایران کی پاسداران انقلاب کے ایرو اسپیس کمانڈر ماجد موسوی نے کہا ہے کہ ایران پر امریکی حملے میں ہمسایہ ممالک کی سرزمین یا تنصیبات استعمال ہوئیں تو پورے خطے کی تیل پیداوار متاثر ہو سکتی ہے۔ ایرانی میڈیا میں شائع ہونے والے بیان میں انہوں نے کہا کہ ایران کے جنوبی ہمسایہ ممالک کو معلوم ہونا چاہیے کہ اگر ان کی زمین یا سہولیات دشمن کے حملے کے لیے استعمال ہوئیں تو انہیں مشرق وسطیٰ میں تیل پیداوار کو خیر باد کہنا پڑے گا۔ ایرانی فضائیہ کے کمانڈر ماجد موسوی نے مزید کہا کہ اگر دشمن نے ایران پر حملے کی معمولی سی بھی غلطی کی تو ایران اپنے مرضی کے اہداف کو نشانہ بنائے گا۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ تجارتی جہاز پر حملہ اور عملے کو یرغمال بنانا سیز فائر کی بڑی خلاف ورزی ہے۔ عباس عراقچی نے کہا کہ ایرانی بندرگاہوں کی ناکہ بندی جنگی عمل اور سیز فائر کی خلاف ورزی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران جانتا ہے کہ کیسے اپنے مفادات کا تحفظ کرنا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے مزید کہا کہ جانتے ہیں کہ کیسے پابندیوں کو بے اثر اور غنڈہ گردی کے سامنے مزاحمت کرنی ہے۔ ادھر پاسداران انقلاب گارڈز نے آبنائے ہرمز میں تین جہازوں کو نشانہ بنایا جن میں سے دو جہازوں کو قبضے میں لے لیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق IRGC نیوی نے دو جہازوں کو تحویل میں لے کر ایران کے ساحل کی طرف منتقل کر دیا ہے، اور کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں نظم و ضبط اور سلامتی میں خلل ڈالنا ایران کے لیے ایک سرخ لکیر ہے۔ آبنائے ہرمز میں نشانہ بننے والے تینوں جہازوں کو پاسداران انقلاب نے نشانہ بنایا ہے۔ یوفوریا نامی ایک جہاز کو نشانہ بنایا گیا اور وہ اس وقت ایرانی ساحل کے قریب گراؤنڈ ہو چکا ہے۔ ایم ایس سی فرانسسکا اور ایپامینونڈاس کو اسلامی انقلابی گارڈز کور نے تحویل میں لے لیا اور انہیں ایرانی ساحل کی جانب لے جایا گیا۔

بقیہ 7 یرغمال بنالیا

ہو سکتے ہیں یا جمعہ کو یہ مذاکرات ہو سکتے ہیں۔ ساتھ ہی یہ بھی خبر ہے کہ جنگ بندی میں جو توسیع ہوئی ہے وہ اس وقت تک جاری رہے گی جب تک ایران کی تجاویز نہیں آ جاتیں اور ایران کی تجاویز پاکستان کے ذریعے ہی امریکہ کو بھجوائی جائیں گی اور ان تجاویز کی روشنی میں پھر فیصلہ ہوگا کہ امریکی وفد اسلام آباد آئے گا یا نہیں اور ایرانی وفد کے آنے کا بھی فیصلہ ہوگا۔ بہرحال حکومت پاکستان اس سارے معاملے میں ابھی بھی متحرک کردار ادا کر رہی ہے اور ایران کے سفیر کی وزیراعظم شہباز شریف سے ایک اہم ملاقات ہوئی ہے۔ اس ملاقات میں یقیناً جو سیز فائر ہوا ہے اور جس کا اعلان امریکی صدر نے گزشتہ رات کیا تھا اس سارے معاملے اور ایران کو مذاکرات کی میز پر لانے پر بات چیت ہوئی ہے۔ ایرانی سفیر نے وزیراعظم شہباز شریف سے اپنی ہونے والی گفتگو کی ایک رپورٹ بھی تہران کو بھجوا دی ہے اور وہاں سے یہ انتظار کیا جا رہا ہے کہ کیا جواب آتا ہے جبکہ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار بھی خاصے متحرک نظر آ رہے ہیں وہ بھی سارے معاملے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جو گزشتہ رات اعلان کیا وہ کئی حوالوں سے اہمیت کا حامل ہے۔ ایک تو اس میں انہوں نے وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل کی درخواست کا ذکر کیا اور یہ بھی کہا کہ ان کی درخواست پر جنگ بندی میں توسیع کی جا رہی ہے ساتھ ہی انہوں نے یہ بھی اعلان کیا کہ آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی جاری رہے گی یقینی جو معاملہ سب سے زیادہ اس وقت کشیدگی کا باعث ہو رہا ہے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی۔ اگر امریکہ نے ناکہ بندی جاری رکھی ہو پھر ایران کس طریقے سے مذاکرات کی میز پر آئے گا۔ امریکہ کو بھی چاہیے کہ آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی ختم کرے تاکہ معاملات بہتری کی طرف جائیں، ساتھ ہی ایرانی حکومت سے بھی یہ شکوہ ہے کہ انہوں نے پاکستان کی درخواست قبول نہیں کی کہ اسلام آباد آ جائیں اور یہاں ہم آمنے سامنے بیٹھ کر امریکہ کے ساتھ بات چیت کرتے اور آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی کے خاتمے کا مطالبہ کرتے تو وہ یقیناً پورا ہو جانا تھا۔ بہرحال اب گزری ہوئی باتوں پر بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ مذاکرات ہوتے ہیں یا نہیں ہوتے۔ اس حوالے سے حتمی طور پہ کوئی بات سامنے نہیں آ رہی۔ جہاں تک صدر ٹرمپ کا یہ اعلان کہ جمعہ کو اسلام آباد میں مذاکرات ہو سکتے ہیں اس وقت تک یقین نہیں کیا جا سکتا جب تک ایران کی طرف سے وفد بھجوانے کا سرکاری طور پہ اعلان نہیں کیا جاتا اور وزیراعظم شہباز شریف یا

حکومت پاکستان کے ذمہ دار وزیر کی طرف سے ایک اعلان نہیں آتا کہ جمعہ کو مذاکرات ہوں گے یا اس سے پہلے ہوں گے۔ بہرحال حکومت پاکستان کی تیاریاں اب بھی ان مذاکرات کے لیے موجود ہیں۔ اسلام آباد میں سیکیورٹی اسی طرح ہائی الرٹ ہے جس طرح پہلے تھی اور یہ معاملہ طوالت اختیار کرنے کی وجہ سے عوام کے مسائل میں بھی اضافہ ہوا ہے، پٹرول پمپوں سے بھی خبریں آ رہی ہیں کہ پٹرول کا سٹاک ختم ہو رہا ہے۔ اس حوالے سے بھی حکومت کو اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر واقع ہی ہیوی ٹرانسپورٹ اسلام آباد میں داخل نہیں ہونے دی جا رہی تو کم از کم جو پٹرول اور ڈیزل کی سپلائی یقینی بنانے کے لیے فوری طور پر اقدامات کیے جانے چاہیے تاکہ عوام کو کسی قسم کی مشکلات نہ ہوں اور جب پٹرول کی کمی ہو جائے تو پھر مافیاز متحرک ہو جاتے ہیں پھر اس سے سارے مسائل جنم لیتے ہیں۔ اس کے علاوہ آج مقبوضہ کشمیر میں پہلگام فالس فلیگ آپریشن کو ایک سال مکمل ہو گیا ہے۔ نریندر مودی اور بھارتی خفیہ ایجنسی را کی طرف سے یہ سارا ڈرامہ رچایا گیا تھا جس کا مقصد پاکستان کو سفارتی سطح پہ تنہا کرنا اور پاکستان پر حملہ کرنا تھا ان دونوں مقاصد میں نریندر مودی پوری طرح ناکام ہوئے۔ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل کی قیادت میں 10 مئی کو معرکہ حق میں پاکستان کو ایک تاریخی کامیابی ملی اور اس کامیابی کے نتیجے میں پاکستان کا وقار دنیا بھر میں بلند ہوا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ثالثی کا کردار ادا کر کے جنگ بندی کرا دی تھی لیکن باقی معاملات ابھی تک بھارت کے ساتھ جوں کے توں ہیں۔ سندھ طاس معاہدے پر بھارت عمل نہیں کر رہا اور اسے یکطرفہ طور پر معطل کیا ہوا ہے، مسئلہ کشمیر پر بھی کوئی بات چیت نہیں ہو رہی۔ بھارت کو جو شکست ہوئی ہے اس کی وجہ سے پاکستان کا وقار دنیا میں بلند ہوا اور پاکستان کی جو فوجی قوت اور ٹیکنالوجی ہے اسے تسلیم کیا گیا اور اس کی وجہ سے اب دیگر ممالک کے ساتھ پاکستان کے تعلقات میں نمایاں بہتری ہوئی اور امریکہ کے ساتھ جو تعلقات میں بہتری ہوئی اس کے کافی فائدے ہو رہے ہیں۔ مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے ہمیں بھارت سے بات کرنی چاہیے اور عالمی برادری کا دباؤ بھارت پر بڑھانے کی بھی ضرورت ہے۔

بقیہ 8 اسحاق ڈار

جاری سفارتی کوششوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ پاکستان مختلف فریقین کے درمیان روابط بڑھانے اور کشیدگی میں کمی کیلئے مسلسل کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تنازعات کے پرامن حل کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری ہی واحد مؤثر راستہ ہے اور پاکستان اس مقصد کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے خطے میں کشیدگی کم کرنے اور امریکا و ایران کو مذاکرات کی میز پر لانے میں پاکستان کے تعمیری اور سہولت کار کردار کو سراہا، انہوں نے اس عمل کی حمایت کا بھی اظہار کیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے دیگر امور اور علاقائی امن و استحکام سے متعلق معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ادھر نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت اہم اجلاس میں بدلتی ہوئی علاقائی صورتحال اور پاکستان کے عالمی سطح پر رابطوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی زیر صدارت اجلاس میں سیکرٹری خارجہ آمنہ بلوچ سمیت وزارت خارجہ کے سینئر حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ابھرتی ہوئی عالمی صورتحال پر تفصیلی مشاورت کی گئی۔ اسحاق ڈار کا کہنا ہے کہ خارجہ پالیسی کی ترجیحات میں ہم آہنگی اور مؤثر رابطے بہت اہم ہیں، رابطوں میں واضح مقصد، تدویراتی بصیرت اور اہداف پر توجہ ہونی چاہیے۔ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ خارجہ پالیسی کی ترجیحات میں ہم آہنگی اور مؤثر رابطے کلیدی اہمیت رکھتے ہیں۔ اجلاس میں اس بات پر بھی اتفاق کیا گیا کہ پاکستان کو اپنی سفارتی ترجیحات میں تسلسل، واضح سمت اور عملی نتائج پر توجہ مرکوز رکھنی چاہیے۔ ادھر نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے ترک وزیر خارجہ ہاکان فیدان سے ٹیلیفون پر گفتگو کی اور انطالیہ ڈپلومیسی فورم میں پاکستانی وفد کی میزبانی پر ترکیہ کا شکریہ ادا کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور تنازعات کے پرامن حل کے لیے مکالمے اور سفارتکاری کی اہمیت پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم نے گزشتہ ہفتے انطالیہ ڈپلومیسی فورم کے موقع پر وزیراعظم اور پاکستانی وفد کو دی جانے والی پرتپاک ترک مہمان نوازی پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے انطالیہ ڈپلومیسی فورم کے موقع پر آر-4 کے تیسرے اجلاس کی میزبانی پر بھی ترکیہ کا شکریہ ادا کیا، جس میں ترکیہ، سعودی عرب، مصر اور پاکستان کے وزرائے خارجہ نے شرکت کی۔

بقیہ 9 سیل

کے پیش نظر وفاقی دارالحکومت میں سکیورٹی ہائی الرٹ ہے، تفصیلات کے مطابق ریڈ زون آج بھی مکمل طور پر بند رکھا گیا ہے۔ جبکہ شہر میں میٹرو بس سروس عارضی طور پر معطل ہے۔ حکام کے مطابق شہر بھر کے بس اسٹینڈز اور لاری اڈے بھی بند ہیں تاہم 26 نمبر کے مقام پر قائم بس ٹرمینل عوام کے لیے بحال کر دیے گئے ہیں۔ ریڈ زون کی جانب جانے والے راستوں پر سکیورٹی مزید سخت کرتے ہوئے جوائنٹ چیک پوسٹیں قائم کر دی گئی ہیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے۔

بقیہ 10 امریکی میڈیا

حوالے سے دعویٰ کیا ہے کہ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ جنگ بندی غیر معینہ مدت کیلئے نہیں صرف 3 سے 5 دن کیلئے کی ہے۔ میڈیا رپورٹ میں کہا گیا کہ امریکی صدر کا ایران کو تجاویز پیش کرنے کیلئے محدود وقت دینے کا منصوبہ ہے، ٹرمپ ڈیل کو جلد سے جلد فائنل کرنا چاہتے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ امریکی صدر سمجھتے ہیں کہ ڈیڈ لائن کا پریشر ایران کو مذاکرات کی میز پر لانے پر مجبور کرے گا۔ میڈیا رپورٹ میں کہا گیا کہ امریکی انتظامیہ جنگ بندی کو غیر معینہ مدت تک بڑھانے کے حق میں نہیں، امریکا ایران کو مذاکرات میں مزید تاخیر کا موقع نہیں دینا چاہتا۔ امریکی میڈیا رپورٹ میں کہا گیا کہ امریکی انتظامیہ کی جنگ میں توسیع معاملے کو سفارتی سطح پر حل کرنے کو ظاہر کرتی ہے، امریکی صدر سمجھتے ہیں کہ آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی ایران پر دباؤ برقرار رکھے گی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ امریکی صدر سمجھتے ہیں کہ طویل ناکہ بندی عالمی معیشت کیلئے نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔

بقیہ 11 ذخائر کم

ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ امریکا نے اپنے پیٹریاٹ ایئر ڈیفنس سسٹم کے آدھے انٹرسیپٹر میزائل استعمال کر لیے ہیں جبکہ چند دیگر اہم میزائل اقسام کا بھی بڑی مقدار میں استعمال ہوا ہے۔ سینٹر فار سٹریٹجک اینڈ انٹرنیشنل سٹڈیز کی تجزیاتی رپورٹ کے مطابق آپریشن ایپک فیوری کے تحت جاری فضائی اور میزائل مہم نے امریکی اسلحہ ذخائر میں نمایاں خلا پیدا کر دیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پیٹریاٹ میزائل کے مجموعی ذخیرے کا 50 فیصد ختم ہو گیا، تھاڈ انٹرسیپٹر بھی نصف سے زائد استعمال ہو چکے ہیں، پریسیون سٹرائیک میزائلز کا 45 فیصد سے زائد ذخیرہ استعمال ہو گیا۔ رپورٹ کے مطابق میزائل کے بڑے پیمانے پر استعمال نے امریکی دفاعی تیاریوں پر سوالات اٹھا دیے ہیں جبکہ مستقبل میں کسی ممکنہ تنازع کے لئے اسلحے کی دستیابی ایک اہم چیلنج بن سکتی ہے۔ دریں اثناء برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق دوسری جنگ عظیم کے بعد دفاعی اخراجات میں سال بہ سال سب سے بڑا اضافہ قرار دیا جا رہا ہے۔ اس بجٹ میں ایک نئی مدِ صدارتی ترجیحات کے نام سے شامل کی گئی ہے، جس کے تحت گولڈن ڈوم میزائل دفاعی نظام، ڈرون برتری، مصنوعی ذہانت، ڈیٹا انفراسٹرکچر اور دفاعی صنعتی بنیاد کو فنڈنگ دی جائے گی۔ علاوہ ازیں امریکہ کے مجوزہ تاریخ کے

DAILY MUMTAZ
روزنامہ
ممتاز
جمعرات،23اپریل،2026،05ذیقعد،1447ھ

اگر تم کو علم نہیں تو اہل ذکر سے دریافت کرلو (القرآن)

ایڈیٹوریل

فون نمبر: 051-8437994-3
ای میل: editorialmumtaz@gmail.com

امن مذاکرات میں افسوسناک تعطل

شدید بیانات، الزام تراشی اور ایران کی طرف سے مذاکرات کے لیے اسلام آباد جانے سے گریز کی وجہ سے نائب صدر جے ڈی وینس کی قیادت میں امریکی وفد کی اسلام آباد روانگی آج دوبارہ ملتوی کردی گئی۔ اس سے پہلے وینس اور امریکی وفد کل صبح روانہ ہونے والا تھا لیکن ایران کی طرف سے مثبت اشارے نہ ملنے کی وجہ سے یہ روانگی آج تک ملتوی کی گئی تھی۔ فی الوقت اسلام آباد مذاکرات تعطل کا شکار دکھائی دیتے ہیں۔

دونوں ملکوں کے درمیان دو ہفتے کی جنگ بندی آج رات کے دوران ختم ہورہی ہے۔ پاکستان کے وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے بتایا ہے کہ تہران کی طرف سے بدستور جواب کا انتظار ہے جبکہ ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بغاری کا کہنا ہے کہ ابھی تک مذاکرات میں شرکت کا فیصلہ نہیں ہوا۔ اس تنازعہ کا دلچسپ پہلو یہ ہے کہ ایرانی لیڈر اگرچہ تند و تیز بیانات جاری کررہے ہیں لیکن اسلام آباد مذاکرات میں شرکت کے بارے میں کوئی دو ٹوک اعلان بھی نہیں کیا گیا۔ نہ اقرار کیا جارہا ہے اور نہ ہی واضح انکار کہ ایران اب امریکہ پر اعتماد نہیں کرتا اور بات چیت کے لیے تیار نہیں ہے۔

دوسری طرف اگرچہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ تین روز کے دوران پاکستان میں بات چیت اور ڈیل کے بارے میں مثبت رویہ اختیار کیا ہے لیکن اس کے ساتھ ہی انہوں نے ایران کو دھمکانے اور معاہدہ نہ ہونے کی صورت میں سنگین نتائج کی دھمکیاں بھی دی ہیں۔ وہ ایک طرف امریکی شرائط پر ڈیل کی بات کرتے ہیں تو دوسری طرف واضح کرتے ہیں کہ امریکہ جنگ بندی میں توسیع نہیں کرے گا اور اگر مقررہ مدت ختم ہونے سے پہلے بات چیت کا آغاز نہ ہوا تو امریکہ دوبارہ جنگ شروع کردے گا۔ اس دوران پاکستانی حکام ایک طرف ایران کو یہ موقع ضائع نہ کرنے کا مشورہ دیتے ہوئے اسے مذاکرات میں شرکت پر آمادہ کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ تو دوسری طرف نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اب سے تھوڑی پہلے فریقین سے جنگ بندی میں توسیع کی درخواست کی ہے۔

ایران کو شاید جنگ بندی میں توسیع پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ اس وقت ایرانی لیڈروں کی حکمت عملی بھی یہی دکھائی دیتی ہے کہ مذاکرات اور ڈیل کے لالچ میں امریکہ سے زیادہ سے زیادہ مطالبات منوا لیے جائیں۔ اس دوران جنگ بندی کی مدت میں اضافہ ہوجائے تاکہ یہ سلسلہ یوں ہی چلتا رہے۔ البتہ صدر ٹرمپ کی سیاسی ضرورتوں کے تحت اس تنازعہ کو کسی نہ کسی نتیجہ تک پہنچانا ضروری ہے۔ اسی لیے وہ اس بات پر اصرار کرتے ہیں کہ ایران کسی ڈیل پر متفق ہوجائے یا پھر شدید جنگ کا سامنا کرے جس میں اس کے بجلی گھر اور پلوں کو نشانہ بنایا جائے گا۔ اس دوران امریکی صدر ٹرمپ کے سابق ڈائریکٹر نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم جان کینٹ نے صدر ٹرمپ کو جنگ بند کرکے مشرق وسطی سے فوج واپس بلانے کا مشورہ دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ صدر ٹرمپ امریکن فوج فوراً واپس بلالیں۔ آبنائے ہرمز کھلوانا امریکہ کی ذمہ داری نہیں ہے۔ اور نہ ہی مڈل ایسٹ کو فکس کرنا ہمارا مسئلہ نہیں ہے۔



اظہار خیال

سید مجاہد علی

تاہم اگر ایک طرف اس بات کا امکان کم ہے کہ ایران تمام امریکی مطالبے مان کر کسی امن معاہدے پر راضی ہوجائے تو دوسری طرف امریکہ کو بھی یقین ہے کہ وہ ایران کے ساتھ ڈیل نہ ہونے کی صورت میں اس کا انفرا اسٹرکچر تباہ کرکے اپنا مقصد حاصل کرلے گا۔ فروری کے آخر میں شروع ہونے والی جنگ اور اس پر ایران کے ردعمل کے تناظر میں دیکھا جائے تو ایرانی عسکری قیادت کا خیال ہے کہ وہ امریکی حملوں کا جواب دینے کے لیے خلیجی ممالک میں ویسے ہی حملے کرکے حساب برابر کرلے گا۔ ایرانی شدت پسند عناصر اس وقت اس بات پر مصر دکھائی دیتے ہیں کہ اگر ہم ڈوبیں گے تو دوسروں کو بھی زندہ نہیں رہنے دیں گے۔ لیکن شاید کوئی معقول لیڈر یہ بات سمجھنے سے قاصر ہے کہ اگر ایران مکمل طور سے تباہ ہوگیا اور اس کی تیل تنصیبات اور معیشت کو دہائیوں تک کے لیے ناکارہ بنادیا گیا تو وہاں کے باشندوں کو خلیجی ریاستیں تباہ ہونے سے کیا فائدہ ہوگا؟ بلکہ دیکھا جائے تو اول تو ایرانی ڈرون اور میزائل ہمسایہ عرب ملکوں میں ویسا نقصان نہیں کرسکیں گے جو امریکہ و اسرائیل ایرانی انفرا اسٹرکچر کو پہنچا کر اسے لاچار کرسکتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ جنگ ختم ہونے کے بعد عرب ممالک کے پاس بحالی کا کام کرنے کے وسائل موجود ہیں جبکہ ایرانی حکومت تہی دست ہے اور عوام شدید بے بسی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں۔

تہران سے موصول ہونے والی معلومات سے یہ اندازہ کرنا مشکل نہیں ہے کہ اس وقت ایرانی لیڈروں میں تقسیم گہری ہوچکی ہے۔ سیاسی و عسکری قیادت بالکل متضاد پالیسی پر گامزن ہیں اور ایک دوسرے کی بات سمجھنے یا اتفاق رائے پیدا کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ جنگ کے دوران نئے رہبر اعلیٰ منتخب ہونے والے مجتبیٰ خامنہ ای عہدہ سنبھالنے کے بعد سے منظر عام پر نہیں آئے۔ ان کی طرف سے صرف تحریری بیان ہی جاری ہوئے ہیں۔ کوئی ویڈیو یا آڈیو پیغام بھی سامنے نہیں آیا۔ اگرچہ ایرانی ترجمان دعویٰ کرتے ہیں کہ مجتبیٰ خامنہ ای مکمل طور سے معاملات دیکھ رہے ہیں اور فیصلے کررہے ہیں لیکن تہران میں جاری اختیارات کی کشمکش کو دیکھتے ہوئے لگتا ہے کہ یا تو نئے رہبر اعلیٰ امور حکومت کے قابل نہیں ہیں اور امریکہ کی یہ اطلاعات درست ہوسکتی ہیں کہ وہ شدید زخمی اور معذور ہیں۔ یا پھر ان کا رجحان انتہا پسند عسکری عناصر پاسداران کی طرف ہے۔ وہ متوازن اور درست سفارتی و سیاسی فیصلے کرنے میں ناکام ہورہے ہیں۔

اگرچہ عام تفہیم یہی ہے کہ امریکی جنگ جوئی سے ایرانی رجیم ختم نہیں ہوسکی۔ اور اس نے اپنے تہہ دار فیصلہ سازی کے نظام کی وجہ سے خود کو محفوظ رکھا ہے۔ شاید اسی لئے صدر ٹرمپ ایران کے ساتھ معاہدہ کرکے اس تنازعہ سے نکلنا چاہتے ہیں۔ لیکن دوسری طرف اب محسوس کیا جاسکتا ہے کہ اگرچہ تہران میں ابھی تک ملاؤں کی نام نہاد انقلابی حکومت موجود ہے لیکن وہ فیصلہ سازی کی قوت سے محروم ہوچکی ہے۔ اس صورت حال کو اگر عام سیاسی مبصرین محسوس کرسکتے ہیں تو امریکہ کے پاس بھی ایرانی لیڈروں کی کمزوریوں کے بارے میں معلومات ہوں گی۔ البتہ ایرانی لیڈر اپنی اس کمزوری کو چھپانے کے لیے پاکستان کا فراہم کردہ سفارتی راستہ اختیار کرنے کی بجائے، مزید وقت لے کر کسی طرح اس بحران پر قابو پانا چاہتے ہیں۔ یہ طریقہ شاید کامیاب نہ ہوسکے۔

جنگ دوبارہ شروع ہونے کی صورت میں امریکہ و اسرائیل پاسداران انقلاب کی عسکری قیادت کو نشانہ بنا کر ہلاک کرسکتے ہیں۔ بچی کچی قیادت میں سے مزید چند درجن لیڈر مارے جانے سے تہران میں فیصلہ سازی کا رہا سہا نظام مزید کمزور ہوگا اور قیادت کے ساتھ عسکری گروہوں میں بھی اختلافات ابھر سکتے ہیں۔ ایسی صورت میں ایران میں خانہ جنگی شروع ہونے کے امکان کو نظر انداز کرنا محال ہوگا۔ ٹرمپ کے جارحانہ اقدامات اور بیانات کی وجہ سے اگرچہ ایران کا موقف اصولی اور قابل فہم لگتا ہے کہ کسی ملک کو دھمکیوں کے ساتھ بات کرنے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن ایرانی لیڈروں کو یہ بھی سمجھنا چاہیے کہ ڈونلڈ ٹرمپ قطعی مختلف وضع کے لیڈر ہیں اور ان کے بیانات کی روشنی میں موقف اختیار کرنے کی بجائے ایران کو بچانے، اس کے نظام کی حفاظت اور ایرانی عوام کی بہبود کو پیش نظر رکھ کر فیصلے کیے جائیں۔ امریکہ سے تو یہ توقع نہیں کی جاسکتی کہ وہ ایرانی عوام کی بھلائی چاہتا ہے لیکن اقتدار و اختیار کی رسہ کشی کے ماحول میں سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایرانی لیڈر اپنی بقا کی جنگ لڑ رہے ہیں یا وہ ایران کے 9 کروڑ عوام کی زندگی اور سہولت کے بارے میں بھی پریشان ہیں؟ خود مختاری اور قومی امتیاز کے نعرے لگانے سے عوام کی ضرورتیں پوری نہیں ہوتیں۔ (بشکریہ، ہم سب)

ایمانیات

علمِ دین تمام علوم سے افضل ہے

حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ اللہ کے رسولؐ نے ارشاد فرمایا کہ علم حقیقتاً تین چیزوں کا نام ہے: آیتِ محکمہ، سنتِ قائمہ اور فریضۂ عادلہ اور اس کے علاوہ جو کچھ ہے وہ زائد ہے۔ (رواہ ابوداؤد وابن ماجہ) (بحوالہ مشکوٰۃ: ۳۵/۱)

فائدہ: آیتِ محکمہ سے مراد قرآن مجید ہے۔ سنتِ قائمہ سے مراد احادیثِ نبویہ علی صاحبہا الصلاۃ والسلام ہیں اور فریضۂ عادلہ سے مراد اجماع وقیاس ہیں۔ اِس طرح رسول اللہؐ نے جس چیز کو العلم قرار دیا، اس میں چاروں مصادرِ شرعیہ آگئے۔ علمِ دین کی ساری عمارت اِن ہی ستونوں پر قائم ہے۔ لہٰذا جس شخص نے اِن چیزوں کو سیکھ لیا اُس نے حقیقتاً علم حاصل کیا۔ اِنکے علاوہ جتنی چیزیں ہیں وہ زائد اور غیر مقصود ہیں۔ معلوم ہوا کہ علمِ دین ہی حقیقتاً علم ہے۔ لہٰذا! علمِ دین کے طالب ہی حقیقی طالبِ علم اور علمِ دین کے حامل ہی حقیقی عالم ہیں۔

۲۴ تحصیل علمِ دین کثرتِ نوافل سے بہتر ہے۔ [illegible]

حاصل وغیرہ وغیرہ۔

تو یاد رکھنا چاہئے کہ علم بذات خود بھی مقصود ہے، محض اُس کے حصول پر مستقل اجر وثواب ہے، اگرچہ اُس پر عمل نہ کیا جاسکے، عمل کرلینے کے بعد اجر وثواب مزید بر آں ہوگا۔

اعلیٰ تعلیم......چیلنجز اور ممکنہ حل

مکالمہ

سلمان عابد

پاکستان میں اعلیٰ تعلیم سے جڑے معاملات، مسائل یا مشکلات کو دیکھیں تو اس میں ہمیں ایک بڑا تضاد تعلیمی پالیسیوں میں دیکھنے کو ملتا ہے۔ اول پالیسیوں میں جدیدیت کی بنیاد پر تبدیلیوں کے عمل کا نہ ہونا، دوئم مالی وسائل کی کمی یا بجٹ کو کم مختص کرنا، سوئم تعلیم، تحقیق اور تعلیمی معیارات کی کمی، چہارم سیاسی مداخلت، پنجم تعلیمی معاملات پر حد سے زیادہ بڑھتا ہوا بیوروکریسی کا کنٹرول، ششم سماجی علوم کو اپنی ترجیحات میں نظر انداز کرنا، ہفتم جامعات کی سطح پر [illegible]

کردار نئی نسل میں مکالمہ، سیاسی، سماجی، علمی شعور کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور اس کی ان میں صلاحیت پیدا کرنا، تجزیہ اور جائزہ کی صلاحیت پیدا کرنا، تحقیق کی مختلف صلاحیتوں کو مضبوط بنانا، آزادانہ بحث و مباحثہ کا طلبہ و طالبات میں ماحول پیدا کرنا، ایک دوسرے میں رواداری اور ہم آہنگی کو پیدا کرنا ہوتا ہے۔ اس لیے یہ جو تصور دیا جارہا ہے کہ ہمیں کسی بھی سطح پر سماجی علوم کی ضرورت نہیں غلط ہے بلکہ اس سوچ اور فکر میں توازن پیدا کرنا چاہیے۔ انھوں نے چین کی مثال دی اور کہا کہ اس برس چین سے 25 کے قریب طالب علموں نے ڈاکٹر محبوب حسین کے شعبہ تاریخ پنجاب یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کی جو ظاہر کرتا ہے کہ چین کی اپنی ترقی میں بھی سماجی علوم کی اہمیت ہے۔ سماجی علوم کی ترقی اور تعلیم کو نظر انداز کرکے ہم سماج کو ایک مہذب اور اعلیٰ روایات پر مبنی سماج کی [illegible]

[illegible]

ذہانت سے جڑی تعلیم کی بات کررہا ہے اور ہم پر دباؤ ڈالا جارہا ہے کہ سوشل سائنسز کی تعلیم کو بند کردیا جائے۔ ڈاکٹر محمد علی شاہ کے بقول جامعات کا حقیقی حسن ہی سماجی علوم، ادب، آرٹ، کلچر، شاعری، ادب، فلسفہ، تاریخ، ڈرامہ ہوتا ہے۔ ان کا سوال یہ تھا کہ کیا دنیا کی اعلیٰ بڑی جامعات میں ان موضوعات پر تعلیم بند ہے تو ایسا ممکن نہیں۔ اصولی طور پر جامعات کا [illegible] یونیورسٹی لے رہی ہیں اس میں بہت بڑا فرق ہے۔ اس لیے جب اعلیٰ تعلیم کا تجزیہ کریں تو ان حقائق کو بھی سامنے رکھ کر گفتگو کو آگے بڑھایا جائے تاکہ ہم عملاً مستقبل کی طرف بہتر منصوبہ بندی کرسکیں۔ ہمیں اعلیٰ تعلیم کے معاملات میں جو غیر معمولی حالات ہیں اس میں غیر معمولی سطح کے اقدامات کی بنیاد پر ہی آگے بڑھنا ہوگا۔ (بشکریہ، روزنامہ ایکسپریس)

فرمانِ قائد

ایمان، اتحاد، تنظیم

میرا ایمان ہے کہ ہماری نجات کا واحد ذریعہ اس سنہری اصولوں والے ضابطہ عمل میں ہے جو ہمارے عظیم پیغمبرؐ اسلام نے ہمارے لیے قائم کررکھا ہے۔

کلامِ اقبال

یقین محکم، عمل

قوم اپنی جو زر و مال جہاں پر مرتی
بت فروشی کے عوض بت شکنی کیوں کرتی
ٹل نہ سکتے تھے اگر جنگ میں اڑ جاتے تھے
پاؤں شیروں کے بھی میداں سے اکھڑ جاتے

جنگ میں 'سچ' کی موت

مہمان کالم

مظہر عباس

ہمارے یہاں تو خیر 'امن' میں بھی 'سچ' لکھنا اور بولنا آسان نہیں رہا مگر حقیقت یہ ہے کہ کسی بھی جنگ میں پہلی موت ہی 'صحافت' کی ہوتی ہے اس لیے بھی کہ اگر [illegible] جائیں۔ ایسے میں اکثر خبریں مفروضے پر مبنی ہوتی ہیں کیونکہ نہ اس صحافی کو رسائی حاصل ہے نہ ہی اس کے پاس وہ وسائل ہیں۔ ایسا ہی منظر نامہ ہمیں صحافت کے حوالے سے حالیہ ایران امریکہ جنگ کے دوران نظر آتا ہے جس کا ایک تفصیلی جائزہ لینا بہت ضروری ہے۔ سوال یہ بھی ہے کہ امریکہ، اسرائیل اور ایران سے جو خبریں آتی ہیں وہ کس حد تک 'حقائق' پر مبنی ہوتی [illegible]

[illegible]

اپنی جگہ ایک بڑا مسئلہ ضرور ہے۔ ایسے میں صرف جنگ کے دوران ہی نہیں جنگ بندی اور مذاکرات کے دوران بھی 'سچ' کی تلاش 'آسان نہیں۔ اور پھر۔ اگر 'سچ' پتا بھی چل جائے تو 'خبر' نشر کرنے اور خبر دینے والے کو دباؤ کا سامنا رہتا ہے۔ اس سب کے باوجود صحافی 'سچ' کی تلاش میں رہتے ہیں، وہ اپنے آپ کو خبر سے دور نہیں رکھ سکتے چاہے اس کی تلاش میں وہ خود ہی خبر بن [illegible]

مذاکرات کا دوسرا دور، امیدیں اور توقعات



جائزہ

سلمان غنی

[illegible]

جنگ اور امن سٹہ بازوں کیلئے مارکیٹ پراڈکٹ



اظہار خیال

امیر محمد خان

عالمی سیاست میں بعض اوقات ایسے مناظر سامنے آتے ہیں جہاں بظاہر سفارت کاری، امن اور مذاکرات کی بات ہورہی ہوتی ہے، مگر پس منظر میں ایک اور دنیا بھی سرگرم ہوتی ہے یعنی ایک ایسی دنیا جہاں نتائج پر اندازے لگائے جاتے ہیں، اور انہی اندازوں پر اربوں ڈالر داؤ پر لگ جاتے ہیں۔ آج کل اسلام آباد میں جاری ایران۔امریکہ امن مذاکرات بھی اسی دوہری حقیقت کی عکاسی کررہے ہیں۔ اطلاعات یہ ہیں کہ امریکہ کے بڑے سرمایہ دار صبح شام بدلے جانے والے بیانات سے سٹہ بازوں کو سہولت پہنچارہے ہیں اور خود بھی کروڑوں ڈالر کمارہے ہیں خاص طور جب سے پاکستان نے مثبت انداز میں دنیا کو تباہی سے بچانے کیلئے اور پاکستانی قیادت دن رات محنت کررہی ہے فیلڈ مارشل عاصم منیر، وزیر اعظم شہباز شریف، نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار تاریخی کام انجام دے رہے ہیں [illegible]

اور پاکستان کو ایک مضبوط، امن پسند ملک کے طور پر دنیا کے سامنے پیش کررہے ہیں جس سے عالمی ادارے، عالمی شخصیات اور دنیا کے عوام پاکستان زندہ باد کے نعرے لگارہے ہیں بادی النظر میں یہ مذاکرات ایک سنجیدہ سفارتی عمل ہیں، جہاں ایران اور امریکہ کے نمائندے کشیدگی کم کرنے، جنگ بندی کو مستحکم کرنے اور ممکنہ امن معاہدے کی راہ ہموار کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ پاکستان اس عمل میں ثالث کا کردار ادا کررہا ہے، جو اس کے عالمی تشخص کے لیے ایک مثبت پیش رفت ہے۔ لیکن دنیا کے سٹہ باز جو دنیا کے ہر مسئلے پر، چاہے کرکٹ ہو، چاہے جنگیں وہ سٹہ بازی کا کام جاری رکھ کر کروڑوں ڈالر کماتے ہیں ایسے میں کسی مسئلے کی غیر یقینی صورتحال سٹہ بازوں کیلئے مثبت ہوتی ہے حالیہ ایران، امریکہ، اسرائیل اختلافات دنیا کے سٹہ بازوں کیلئے اضافی اور بڑے کمائی کا ذریعہ ہے حقیقت یہ ہے کہ عالمی مالیاتی منڈیاں اور جدید ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اس سارے عمل کو ایک مختلف زاویے سے دیکھ رہے ہیں۔ ''پریڈکشن مارکیٹس'' نامی آن لائن پلیٹ فارمز پر ہزاروں افراد اور سرمایہ کار اس بات پر پیسہ لگا رہے ہیں کہ آیا یہ مذاکرات کامیاب ہوں گے یا نہیں، جنگ بندی برقرار رہے گی یا ٹوٹ جائے گی، اور آیا خطہ [illegible]

مزید کشیدگی کی طرف بڑھے گا یا امن کی جانب۔ سٹہ بازی کے اس کھیل میں پس پشت بڑے سرمایہ دار ہوتے ہیں جبکہ سامنے کوئی غیر معروف شخص ہوتا ہے یہ کوئی روایتی جوا نہیں جہاں کسی کمرے میں بیٹھ کر سٹہ لگایا جارہا ہو، بلکہ یہ ایک جدید مالیاتی کھیل ہے [illegible]

جسے ''ٹریڈنگ'' کا نام دیا گیا ہے۔ مگر حقیقت میں یہ بھی ایک طرح کی شرط ہی ہے بس فرق صرف اتنا ہے کہ اس کا انداز بظاہر زیادہ مہذب اور ڈیجیٹل ہے مگر اسے کوئی اخلاقی کام نہیں کہا جاسکتا۔ ایران، نہ امریکہ اور نہ ہی پاکستان کی حکومتیں اس ''شرط بازی'' میں شامل ہیں ہاں سٹہ بازی ہندوستان اور امریکہ کا پسندیدہ مشغلہ ہے جس میں نامی گرامی شخصیات ملوث ہوتی ہیں۔ یہ سب کچھ نجی سطح پر ہورہا ہے، جہاں سرمایہ کار عالمی حالات کو ایک موقع کے طور پر دیکھتے ہیں۔ تاہم اس کے اثرات کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ جب کسی امن عمل پر مالی مفادات جڑ جائیں تو خدشہ پیدا ہوتا ہے کہ کہیں یہ قیاس آرائیاں عالمی بیانیے کو متاثر نہ کریں۔ خاص طور پر میڈیا کی بعض رپورٹس، تجزیے اور حتیٰ کہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی افواہیں بھی بعض اوقات انہی مالی مفادات کا عکس بن جاتی ہیں۔ الیکٹرانک میڈیا کے ٹاک شوکی بات چیت بھی سٹہ بازوں کو شرطیں لگانے کی TIP دیتے ہیں ٹاک شوز میں تجزیہ کار بلکہ اب انہیں نہ جانے کن بنیادوں پر ''سینئر'' کے لفظ ساتھ کہا جاتا ہے وہ ایسے مناظر اور تجزیہ نگاری کرتے ہیں جیسے وہ ابھی متعلقہ لوگوں کے ساتھ ملکر آئے ہیں جنہوں نے انہیں یہ تفاصیل بتائی ہیں یہ عمل غیر اخلاقی عمل ہے کہ انسانی جانوں، جنگ اور امن سنجیدہ معاملات جہاں انسانی [illegible]

جانوں، املاک کا شدید نقصان کو اپنے مالی معاملات کو فروغ دینے کیلئے استعمال کیا جائے مگر یہ سوال بھی بہت اہم ہے کہ اب انسانیت، اخلاق کہاں پایا جاتا ہے یہ [illegible] ہیں۔ امن کی کوششیں اپنی جگہ مقدس اور ضروری ہیں، مگر دنیا کو یہ بھی سوچنا ہوگا کہ کیا ہم نے ہر چیز کو منافع کے پیمانے پر ناپنا شروع کردیا ہے؟ اگر ایسا ہے، تو یہ صرف سیاست نہیں بلکہ ہماری اجتماعی ترجیحات کا بھی عکاس ہے۔ متحارب ممالک کے سربراہان کے ہر گھنٹے تبدیل ہونے والے بیانات دنیا کی معیشت کو نقصان پہنچانے، سٹہ بازوں کیلئے جنت، مہنگائی سے تبرہ آزما عوام کیلئے بلڈ پریشر، اور شوگر سے ہسپتالوں کی کمائی، جس طرح کوڈ کی عالمی وباء کے دوران، پہلے کوڈ، پھر اسکی دوائی کی فروخت سے اربوں ڈالر کی آمدنی یہ سب آمدن غیر اخلاقی اور مجرمانہ عمل سے کم نہیں۔ پاکستانیوں کو فخر ہے آج پاکستانی مدبرانہ قیادت نے ایمانداری سے دنیا کو تباہی سے بچانے کیلئے اپنے امن پسندانہ اور غیر جانبدارانہ عمل سے متحارب ممالک کی ایک میز پر لایا ہے جسے دنیا قابل تحسین کہہ رہی ہے اور بھارت کے چولہے بجھ گئے ہیں اسے خوف ہے پاکستان اپنی خارجہ پالیسی اور صاحب رائے لیڈران سے قربت کو کل کشمیر کی آزادی کیلئے بھی اپنے تعلقات کو استعمال کرسکتا ہے دنیا اس وقت ایک انتہائی نازک اور بے یقینی کے دور سے گزر رہی ہے، جہاں بحران صرف حالات کا نہیں بلکہ عالمی نظام کی کمزوری اور قیادت کی ناکامی کا بھی آئینہ دار ہے۔ مشرق وسطیٰ سے لے کر یورپ، ایشیا اور افریقہ تک ہر خطہ کسی نہ کسی شکل میں کشیدگی، تنازع اور عدم استحکام کا شکار ہے۔ سب سے اہم سوال یہ ہے کہ کیا عالمی قیادت واقعی امن چاہتی ہے یا صرف اپنے شیطانی مفادات کو سامنے رکھ کر طاقت کے کھیل میں مصروف ہے؟ بڑی طاقتوں کی سیاست اب کھل کر مفادات کی جنگ بن چکی ہے۔ پاکستان کے سامنے کشمیر میں قتل عام کی صورتحال ہے جسکے لئے عالمی ادارے صرف بیانات پر اکتفاء کرتے ہیں انسانی حقوق، بین الاقوامی قانون اور انصاف جیسے اصول صرف تقریروں اور بیانات تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں۔ عملی میدان میں طاقتور ممالک اپنے اسٹریٹجک [illegible]

[illegible] کے بجائے مزید شدت اختیار کررہے ہیں۔ ایک حالیہ مثال حالیہ ''غزہ بحران'' ہے، جہاں ہزاروں بے گناہ شہری، خصوصاً عورتیں اور بچے، شدید انسانی المیے کا شکار ہوئے۔ عالمی برادری کی غیر مؤثر اور اکثر خاموش پالیسی نے ایک بار پھر یہ سوال کھڑا کردیا ہے کہ کیا انکے نزدیک کیا انسانی جانوں کی کوئی قیمت بھی ہے یا نہیں؟ یہ صورتحال عالمی ضمیر کے لیے ایک کھلا چیلنج ہے۔ اسی طرح ''روس-یوکرین جنگ'' نے یورپ کے امن و استحکام کو شدید دھچکا پہنچایا ہے۔ یہ جنگ نہ صرف خطے کی جغرافیائی سیاست کو بدل رہی ہے بلکہ عالمی توانائی، خوراک اور معیشت پر بھی گہرے اثرات مرتب کررہی ہے۔ لاکھوں لوگ بے گھر ہوچکے ہیں، جبکہ عالمی طاقتیں براہ راست یا بالواسطہ اس تنازع میں الجھی ہوئی ہیں۔ یہ جنگ اس بات کا ثبوت ہے کہ طاقت کی سیاست نے دنیا کو ایک بار پھر سرد جنگ جیسے ماحول کے قریب کردیا ہے دنیا کو امن کے ماحول کیلئے مثبتی سوچ رکھنے والے اسرائیل اور ہندوستان کا بائیکاٹ کرنا ضروری ہے۔ پاکستان کا عظیم دوست ماشاءاللہ سعودی عرب، اس کشیدہ عالمی ماحول میں استحکام اور ترقی کی کوششوں کا مرکز بنا ہوا ہے۔ معاشی اصلاحات، سفارتی توازن اور علاقائی استحکام کے لیے اس کے اقدامات قابل ذکر ہیں۔

ایران کا ایٹمی پروگرام



مہمان کالم

حمزہ شفقت

[illegible]

بے روزگاری کا سلگتا الاؤ



صدا بصحرا

رفیع صحرائی

[illegible]

دل کی بات ......(زبیر تارڑ)

تاب و طاقت کو تو رخصت ہوئے مدت گزری
پند گویوں سے نہ کر اب خلل اوقات کے بیچ
زندگی کس کے بھروسے پہ محبت میں کروں
ایک دل غم زدہ ہے سو بھی آفات کے بیچ

ڈالر کی کمی نہ بیرونی امداد کی ضرورت، اماراتی سفیر

2 ٹریلین ڈالر کے سرمایہ کاری فنڈز، 300 ارب ڈالرز زرمبادلہ ذخائر

ہماری معیشت مضبوط ہے، یوسف العتیبہ کی امریکی حکام کے ساتھ گفتگو

واشنگٹن (انٹرنیشنل ڈیسک) امریکہ میں تعینات اماراتی سفیر یوسف العتیبہ نے کہا ہے کہ امارات کو کسی بیرونی مالی مدد کی ضرورت نہیں۔ واشنگٹن میں کرنسی سویپ لائن پر امریکہ امارات حکام کی اعلیٰ سطح کی ملاقات کے دوران اماراتی سفیر یوسف العتیبہ نے کہا کہ اماراتی معیشت مضبوط ہے اور ڈالر کی کمی نہیں، متحدہ عرب امارات کو بیرونی مالی مدد کی ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ امارات کے پاس 2 ٹریلین ڈالر کے سرمایہ کاری فنڈز ہیں اور 300 ارب ڈالر کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 36)

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی وزارت داخلہ اور دفاع کے مشترکہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

علم فکری صلاحیتوں کو جلا بخشتا ہے

صدر زرداری کا یوم کتب پر پیغام

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) صدر مملکت آصف زرداری نے کہا ہے کہ کتاب زندگی کے عظیم ترین فلسفے کی نمائندگی، علم و دانش میں اضافہ، فکری صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہے، عالمی یوم کتاب کتابوں کی اہمیت اور افادیت کو اجاگر کرنے، مطالعہ کی عادت کو فروغ دینے اور کتابوں سے رہنمائی اور علم حاصل کرنے کے متعلق شعور بیدار کرنے کا ذریعہ ہے۔ عالمی یوم کتاب پر جاری (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 26)

پاکستانی فری لانسرز کا عالمی مارکیٹ میں بڑھتا کردار، زرمبادلہ میں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی فری لانسرز نے مالی سال 2025-26ء کی تیسری سہ ماہی تک 856 ملین ڈالرز کما کر زرمبادلہ آمدن میں 50 فیصد اضافہ کر دیا۔ گزشتہ سال کی تیسری سہ ماہی میں 567 ملین ڈالرز کے مقابلے میں 289 ملین ڈالرز اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ چیئرمین پاکستان فری لانسرز ایسوسی ایشن ابراہیم امین کے مطابق ہر ماہ سرکاری اور غیر سرکاری تربیتی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 37)

وزیراعظم شہباز شریف الیکٹرک گاڑیوں کے فروغ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سپریم کورٹ، فوری انصاف فراہمی کیلئے ڈیجیٹل نظام فعال، ویڈیو لنک سماعت

چیف جسٹس کی اسلام آباد میں سماعت کی صدارت، جسٹس عائشہ لاہور، وکلاء کی کوئٹہ، حیدرآباد، کراچی سے شرکت

عدالتی کارروائی بغیر کسی تعطل کے جاری رہی، سماعت کے دوران مکمل ڈیجیٹل کیس فائلز استعمال کی گئیں

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) زیادہ شفاف، قابل رسائی اور عوام دوست نظام انصاف کی جانب ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے سپریم کورٹ آف پاکستان نے جدید ٹیکنالوجی کو اپنے عدالتی نظام میں کامیابی سے ضم کر لیا ہے، جس کے ذریعے ملک بھر میں انصاف کی فراہمی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 27)

پی ٹی آئی کا لاہور میں سیاسی پاور شو کا فیصلہ

2 مئی کو مینار پاکستان پر جلسہ، اجازت کیلئے درخواست جمع

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی جلسے سے خطاب کریں گے

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف نے 2 مئی کو مینار پاکستان پر جلسے کا اعلان کرتے ہوئے اجازت کے لیے درخواست جمع کرا دی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان تحریک انصاف نے ایک بار پھر سیاسی قوت کے اظہار کے لیے صوبائی دارالحکومت کا رخ کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ پی ٹی آئی نے 2 مئی کو مینار پاکستان پر جلسہ عام منعقد کرنے کا باقاعدہ اعلان کر دیا ہے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 35)

جرائم میں اضافہ، مریم نواز کی ویڈیوز چلا کر پولیس افسران سے باز پرس، سرزنش

جرائم روکنے کیلئے ہدف مقرر، آر پی اوز اور ڈی پی اوز کو سی سی ڈی سے بھرپور تعاون کرنے کی ہدایت

جرائم میں اضافہ شرمناک اور فکر انگیز، عوام کو تحفظ اور سکون کا احساس دینا چاہتے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے میں جرائم کی شرح میں اضافے پر نوٹس لیتے ہوئے ہنگامی اجلاس طلب کیا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جرائم کے واقعات کی ویڈیوز خود شیئر کر کے شرکا کو دکھا کر سخت برہمی کا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 38)

ایران نے اسرائیلی جاسوس کو پھانسی دے دی

تہران (فارن ڈیسک) ایران نے گرفتار اسرائیلی جاسوس کو پھانسی دے دی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق مذکورہ شخص ایرانی سول (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 28)



امریکہ ایران مذاکرات کے پیش نظر اسلام آباد کی اہم شاہراہ ویران پڑی ہے

رجسٹرڈ مہاجرین کو واپس جانے دیا جائے، افغان سفیر

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی اور سفیر سردار احمد خان کے درمیان رابطہ

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے افغانستان کے سفیر سردار احمد خان سے ٹیلی فونک رابطہ کیا، افغان سفیر نے رجسٹریشن مکمل کرنے والے مہاجرین کو واپسی کی اجازت دینے کی درخواست کر دی۔ تفصیلات کے مطابق افغان سفیر نے رہتری ایشن مراکز کے دورے پر وزیراعلیٰ کا شکریہ ادا کیا، صورتحال میں نمایاں بہتری کا اعتراف (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 29)

وزیراعلیٰ مریم نواز جرائم کی شرح میں اچانک اضافے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

آن لائن ممنوعہ ادویہ فروخت، 4 ویب سائٹس بلاک

ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی نے پی ٹی اے کو سائٹس کی نشاندہی کی تھی

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) پی ٹی اے نے ممنوعہ ادویات فروخت کرنے والی 4 ویب سائٹس بلاک کر دیں، ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی نے پی ٹی اے کو ان ویب سائٹس کی نشاندہی کی تھی۔ ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) کی درخواست پر پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے فوری اقدامات کے تحت اُن ویب سائٹس اور سوشل میڈیا (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 40)

وزیراعظم، فیلڈ مارشل کی سفارتی کاوشیں قابل تحسین، ملک احمد خان

لاہور (ممتاز نیوز) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ امریکی جنگ بندی اقدام خطے میں امن کی جانب (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 39)

لاہور، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان اسمبلی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب: 5 برس میں 1 لاکھ سے زائد خواتین اغواء

77 فیصد کیسز میں مغوی خواتین نے عدالت میں بیان دیا کہ مرضی سے گئی تھیں

لڑکی کی عدم بازیابی مقدمہ، IG پیش، ہائیکورٹ کا رپورٹ پر عدم اطمینان

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے چار سال قبل اغواء ہونے والی لڑکی کی عدم بازیابی سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران پولیس کی جانب سے پیش کی گئی رپورٹ پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس دیئے کہ اغواء ہونے والی لڑکیوں کی بڑی تعداد (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 30)

یورپ کو جہازوں کے ایندھن کی قلت کا خدشہ، ہنگامی اقدامات پر غور

برسلز (انٹرنیشنل ڈیسک) یورپی یونین نے ایران امریکا کے درمیان جاری کشیدگی کے باعث جہازوں کے ایندھن کی ممکنہ قلت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے متبادل ذرائع اور ہنگامی ذخائر بڑھانے کے اقدامات پر غور شروع کر دیا۔ عرب میڈیا کے مطابق آبنائے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 33)

5 ہائی کورٹ ججز کا تبادلہ، جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 28 اپریل کو طلب

اسلام آباد (کورٹ رپورٹر) چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 28 اپریل کو طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے 5 ججز کے دوسرے ہائیکورٹس میں تبادلے پر غور ہوگا، 5 ججز میں جسٹس محسن کیانی، جسٹس بابر ستار، جسٹس (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 34)

ناکام جلسے، KP حکومت کو سٹیڈیم اجلاس بلانا پڑا، امیر مقام

سٹیڈیم میں اجلاس بلانا غیر ضروری اور فضول خرچی ہے، حساب دینا ہوگا

اجلاس بلانے کا مقصد یہ بھی تھا کہ اڈیالہ جیل نہ جانا پڑے، وفاقی وزیر کا بیان

اسلام آباد (وقائع نگار) وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے تحریک انصاف کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ جلسوں کی ناکامی کے بعد پارٹی کو خیبر پختونخوا اسمبلی کا اجلاس سٹیڈیم میں بلانا پڑا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کوہاٹ، حیات آباد اور مردان میں پی ٹی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد ٹریفک پابندیوں سے آئل سپلائی متاثر، اٹک ریفائنری پیداوار معطل

آئل ٹینکرز کی آمدورفت میں شدید خلل سے کروڈ آئل کی وصولی اور مصنوعات کی ترسیل بری طرح متاثر ہوئی، اعلامیہ

کوہاٹ میں خلیج سے بڑے گیس کے 3 ذخائر دریافت ہوئے ہیں، پی ٹی آئی کے رکن اسمبلی کا دعویٰ

راولپنڈی، پشاور (نیوز رپورٹر، بیورو رپورٹ) اٹک کی پیداوار عارضی طور پر بند کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق اسلام آباد میں غیر ملکی وفود کی آمد کے باعث عائد ٹریفک پابندیوں سے آئل ٹینکرز کی آمدورفت شدید ریفائنری لمیٹڈ نے اپنے مین کروڈ ڈسٹلیشن یونٹ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 31)

حکومت کا درآمد شدہ گاڑیوں پر ڈیوٹی ختم کرنیکا فیصلہ

ڈیوٹی 15 فیصد تک لائی جائیگی، IMF سگنل پر پالیسی کابینہ میں پیش ہوگی

سیفٹی سٹینڈرڈ اور لائسنسنگ کا نظام سخت کرنے کی بھی تجویز

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی حکومت نے درآمدی گاڑیوں پر ڈیوٹی ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ وزارت صنعت و پیداوار نے 5 سال کی آٹو پالیسی تیار کر لی، اعلان سے قبل پالیسی کی آئی ایم ایف سے منظوری لی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق آٹو پالیسی میں درآمدی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 32)

سولر سسٹم لگانے کیلئے نیپرا لائسنس لازم، فی کلوواٹ 1 ہزار فیس عائد

نئے قواعد کے تحت اب صارفین کو سولر سسٹم کی نصب شدہ صلاحیت کے مطابق لائسنس فیس دینا ہوگی

اقدام ملک میں شمسی توانائی کے شعبے پر حکومت کی نگرانی کو مزید سخت بنانے کا عندیہ قرار

اسلام آباد (وقائع نگار) حکومتِ پاکستان نے شمسی توانائی کے شعبے میں بڑی پالیسی تبدیلی کرتے ہوئے تمام سولر صارفین کے لیے نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) سے لائسنس حاصل کرنا لازمی قرار دے دیا ہے۔ پاور ڈویژن کی جانب سے جاری کردہ نئے قواعد (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 42)

امریکہ ایران جنگ بندی توسیع، مہنگائی خدشات کم، تیل سونا سستا

عالمی مارکیٹ میں فی اونس سونا 12 ڈالر، مقامی میں 1200 روپے تولہ سستا ہوا، بلند شرح سود کے خدشات بھی کم

عالمی منڈیوں میں حصص قیمتیں بڑھ گئیں، پاکستان سٹاک ایکسچینج میں تیزی، انڈیکس 959 پوائنٹس بڑھ گیا

واشنگٹن، اسلام آباد (ممتاز نیوز) امریکا کی ایران کے ساتھ جنگ بندی میں توسیع کے بعد دنیا بھر میں سونے اور تیل کی قیمتوں میں کمی ہوئی۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق تیل کی قیمتوں میں کمی کے باعث مہنگائی میں ممکنہ اضافے اور طویل عرصے تک بلند شرح سود کے خدشات کم ہو گئے۔ عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمتیں مسلسل دوسرے دن کم ہو گئیں۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں بدھ کے روز فی اونس (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 44)

تفرقے کی قیاس آرائیاں بے بنیاد، ایرانی قیادت میں اختلافات کی خبریں مسترد

تہران (ممتاز نیوز) ترجمان ایرانی صدارتی دفتر نے ایرانی قیادت میں اختلافات کی خبروں کو مسترد کر دیا۔ ترجمان کے مطابق ایران کی قیادت میں اتحاد بے مثال اور مثالی ہے، اور اندرونی تفرقے سے متعلق قیاس آرائیاں بے بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 43)

یو این میں مستقل افغان نشست کا فیصلہ نہ ہو سکا

طالبان رجیم کی انتہا پسندانہ پالیسیوں کے باعث ووٹنگ پر پابندی برقرار

اسلام آباد (وقائع نگار) اقوام متحدہ میں افغانستان کی نشست پر غیر یقینی صورتحال، ووٹنگ کے حق پر پابندی برقرار ہے، انتہا پسندانہ پالیسیوں اور دہشتگردوں کی پشت پناہی کے باعث دنیا افغان طالبان رجیم سے بیزار ہو چکی ہے۔ افغان میڈیا طلوع نیوز کے مطابق افغان طالبان رجیم کی ہٹ دھرمی کے باعث اقوام متحدہ میں افغانستان کی مستقل نشست کا فیصلہ نہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 45)

مودی ایک دہشتگرد ہے، کانگریسی رہنما ارجن کھڑگے

پہلگام واقعہ کا مودی کو پہلے سے علم تھا جس پر دورہ کشمیر منسوخ کیا

اسلام آباد (وقائع نگار) مودی کا پہلگام فالس فلیگ آپریشن سے شروع ہونے والی ہزیمت اور رسوائی کا سفر تاحال جاری ہے۔ کانگریسی رہنما ارجن کھڑگے نے مودی پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ مودی ایک دہشتگرد ہے کیونکہ اس کی پارٹی برابری اور انصاف پر یقین نہیں رکھتی، کانگریس رہنما ارجن کھڑگے نے گزشتہ برس پہلگام فالس فلیگ آپریشن پر بھی مودی کو (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 47)

اپر کوہستان مالیاتی سکینڈل نامزد ملزم کی پلی بارگین کی درخواست منظور

پشاور (این این آئی) احتساب عدالت نے اپر کوہستان مالیاتی سکینڈل میں نامزد ملزم محمد ایوب ٹھیکیدار کی 3 ارب 92 کروڑ روپے سے زائد کی پلی بارگین کی درخواست منظور کر لی۔ بدھ کو جج محمد ظفر نے نیب کی جانب سے پیش کردہ پلی بارگین درخواست پر سماعت کی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 46)

کراچی، گورنر سید نہال ہاشمی سے میمن کمیونٹی کا وفد مسعود پاریکھ کی سربراہی میں ملاقات کر رہا ہے

کوئٹہ، چاندی تبدیلی سکینڈل میں ملوث 4 افسر معطل

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) چاندی کو سیسے میں تبدیل کرنے کے سنگین جرم میں محکمہ کسٹمز کے 4 افسران کو معطل کر دیا گیا۔ کسٹمز کے حکام کے مطابق معطل افسران میں کلکٹر، ڈپٹی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 48)

ٹک ٹاکر کاشف ضمیر نے سی ٹی ڈی اہلکار سے لاکھوں روپے ہتھیا لئے

لاہور (این این آئی) ٹک ٹاکر کاشف ضمیر کے خلاف سی ٹی ڈی کراچی کے اہلکار کے ساتھ لاکھوں روپے فراڈ کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹک ٹاکر کاشف ضمیر کے خلاف فراڈ کا مقدمہ کراچی پولیس کے (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 49)

اسرائیل نے غزہ میں سیز فائر کی دھجیاں اڑا دیں، بمباری، 11 شہید

غزہ سٹی میں پولیس گاڑی کو نشانہ بنایا گیا، اہلکار سمیت 4 شہید، شاطی کیمپ پر ڈرون حملے میں 5 جاں بحق

اکتوبر 2025 میں جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی حملے جاری، دوران سیز فائر 760 فلسطینی شہید ہو چکے، رپورٹ

غزہ (ممتاز نیوز) غزہ میں جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی حملے جاری ہیں اور تازہ کارروائیوں میں کم از کم 11 فلسطینی شہید ہو گئے جن میں معصوم بچے بھی شامل ہیں۔ غزہ کی سول ڈیفنس اتھارٹی کے مطابق شمالی غزہ میں ہونے والے حملوں میں 3 اور 14 سال کے دو بچے جان کی بازی ہار گئے۔ ترجمان محمود بسال کے مطابق غزہ سٹی میں ایک پولیس گاڑی کو نشانہ بنایا گیا، جس کے نتیجے میں 4 افراد شہید ہوئے، جن میں ایک 3 سالہ بچہ بھی شامل تھا۔ دوسری جانب غزہ کی وزارت داخلہ نے تصدیق کی کہ اسرائیلی جنگی طیاروں نے شہر کے مرکزی علاقے میں پولیس (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 51)

ایس ای سی پی نے دو نئی کمپنیوں کی لسٹنگ کی منظوری دیدی

اسلام آباد (کامرس رپورٹر) علاقائی کشیدگی کے باوجود پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں لسٹنگ کی سرگرمیاں جاری ہیں اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 50)

پیک ٹائم کے دوران بجلی کی فراہمی میں بہتری

بجلی لوڈشیڈنگ نقصانات والے علاقوں تک محدود ہے، پاور ڈویژن

اسلام آباد (وقائع نگار) ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق گزشتہ رات پیک ٹائم میں بجلی کی فراہمی بہتر رہی۔ صوبوں کی طرف سے ڈیمانڈ کی بدولت پیک ٹائم میں ڈیموں سے زیادہ پانی کی خراج سے 5125 میگاواٹ بجلی پیدا ہوئی۔ ملک کے جنوب سے سینٹر میں 400 میگاواٹ گرڈ میں استحکام کی بدولت ترسیل جاری رہی۔ بجلی تقسیم کار کمپنیوں نے کل رات پیک میں ڈیمانڈ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 52)

ایم سکس موٹروے کیلئے ADB اور NHA میں معاہدہ

موٹروے پاکستان کی ترقی، خوشحالی کی شاہراہ بنے گی، وزیر مواصلات

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) ایم سکس موٹروے کی تعمیر کیلئے ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کے درمیان معاہدہ طے پا گیا۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے این ایچ اے اور اے ڈی بی کے معاہدے کا خیر مقدم کیا اور پوری قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایم سکس موٹروے پاکستان کی ترقی، خوشحالی کی شاہراہ (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد، دکانیں بند رکھنے بارے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والا نوٹیفکیشن جعلی قرار دیدیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد نے وفاقی دارالحکومت میں دکانیں بند رکھنے کے وقت کے حوالے سے وضاحت کرتے ہوئے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے نوٹیفکیشن کو جعلی قرار دے دیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں ڈپٹی (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 54)

سیالکوٹ، صوبائی وزیر شافع حسین صنعتی نمائش کے افتتاح کے بعد سٹال کا دورہ کر رہے ہیں

ایڈیٹر انچیف و پبلشر عاقل جمال بٹ نے نئی بات پرنٹنگ پریس، پلاٹ نمبر 93 سٹریٹ نمبر 7، انڈسٹریل ایریا آئی ٹین تھری، اسلام آباد سے چھپوا کر دفتر روزنامہ ممتاز، پلاٹ نمبر 8-A سٹریٹ نمبر 1-B انڈس بلاک، ممتاز سٹی راولپنڈی، ایم جی سی کمپلیکس، پلاٹ نمبر 12-E، جی ایٹ مرکز اسلام آباد سے شائع کیا۔
مینجنگ ایڈیٹر ڈاکٹر احسن طارق بٹ
فون نمبر 051-8437993
فیکس نمبر 051-8357772، ای میل
mumtazisb9@gmail.com